چانسلر کا ضابطہ

نمبر: A-750

موضوع: بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو کا انسداد
زمرہ: طلبا
جاری کردہ: 28 ستمبر، 2017

## تبدیلیوں کا خلاصہ

یہ ضابطہ چانسلر کے ضابطے A-750 مورخہ 22 دسمبر، 2016 کی تجدید کرتا ہے اور اس کی جگہ لیتا ہے۔

**تبدیلیاں:**

- اس ضابطے کے عنوان کو بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو کے انسداد سے تبدیل کر دیا گیا ہے۔
- قرار دیتا ہے کہ اس ضابطے کے مقاصد کے لیے، والدین کی تعریف میں ہر وہ فرد شامل ہے، جو اس بچے کی نگہداشت کا ذمہ دار ہے۔
- وضاحت کرتا ہے کہ اگر بچے کی صحت یا حفاظت کو فوری خطرہ ہے یا اگر کسی بچے کو فوری طبی نگہداشت کی ضرورت ہے 911 کو کال کرنا لازمی ہے۔
- قابل اطلاق قانونی ادارے سے مطابقت رکھتے ہوئے بچے کے ساتھ بدسلوکی، بچے کے ساتھ بُرے برتاو اور تعلیمی غفلت کے تجدید شدہ توضیحات فراہم کرتا ہے۔
- قرار دیتا ہے کہ ایک بچہ، بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاو کا شکار کہلائے گا اگر کوئی فرد یہ بدسلوکی یا بُرے برتاو مسلسل یا باقاعدہ وقفے سے اس گھر میں کرتا ہوا پایا گیا ہو جس میں یہ بچہ رہتا ہے یا محکمئہ تعلیم لائف (DOE LYFE) مرکز (DOE LYFE) کا ملازم ہو یا نیویارک شہر ابتدائی طفلی تعلیمی مرکز (NYCEEC) کا کوئی ملازم ہو اور یہ کہ مجاز اطلاع کاران (مینڈیٹِڈ رپورٹر) سے تقاضہ کرتا ہے کہ ایسی بدسلوکی کی اطلاع کرے (جز I.A.1, p. 2)۔
- وضاحت کرتا ہے کہ "پرنسپل" جیسا کہ اس ضابطے میں استعمال کیا گیا ہے بطور ایک محکمئہ تعلیم پری کنڈر گارٹن مرکز کے ابتدائی طفلی ڈائریکٹر کہلانے کا بھی حوالہ دیتا ہے (جز I.A.3)۔
- وضاحت کرتا ہے کہ یہ مجاز اطلاع کار (رپورٹر) (پرنسل / نامزد کے برخلاف) کی ذمہ داری ہے کہ SCR کو زبانی اطلاع دینے کے 48 گھنٹے کے اندر LDSS-2221A فارم استعمال کرتے ہوئے ایک تحریری اطلاع (رپورٹ) تیار کرے اور جمع کرائے جز (I.A.5)۔
- قرار دیتا ہے کہ LDSS-2221A اطلاع فارم کی ایک نقل FSC ڈائریکٹر برائے طالب علم خدمات کو لازماً بھیجی جانی چاہئیے (جز (I.A.6)۔
- وضاحت کرتا ہے کہ اگر یہ مجاز اطلاع کار بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو سے بچاو کے ایک الزام کے بارے میں اضافی معلومات موصول کرتا ہے، اس مجاز اطلاع کار (پرنسل / نامزد کے برخلاف) پر لازم ہے کہ اس اضافی معلومات کے موصول ہونے کے 24 گھنٹوں کے اندر SCR کو کال کرے؛ بیان کرے کہ اسکے پاس ایک سابقہ بنائی گئی رپورٹ کے سلسلے میں اضافی معلومات ہیں؛ اور کوئی بھی نئی معلومات فراہم کرے بشمول کسی اضافی عملے کے اس فرد کا عہدہ اور رابطہ معلومات فراہم کرے جو اس اضافی معلومات کے بارے میں براہ راست علم رکھتا ہو۔ SCR کو اضافی معلومات کی اطلاع دینے کے لیے کال کرنے کے بعد، اس مجاز اطلاع کار پر لازم ہے کہ اس حقیقت کی اطلاع کرے کہ یہ اضافی معلومات کی کال پرنسپل / نامزد کو کر دی گئی ہے اور LDSS-2221A میں اس اضافی معلومات کو شامل کرکے اسکی تجدید کرے (جُز I.A.7)۔

- وضاحت کرتا ہے کہ اگر بچے سے مشتبہ بدسلوکی یا بُرے برتاو کے بارے میں ایک بچے کے بارے میں اضافی معلومات سامنے آتی ہیں جو ایک سابقہ رپورٹ میں شامل تھا اور یہ الزامات نئے الزامات ہیں جن کی بنیاد ان حقائق، صورتوں یا حالات سے مختلف ہے جن کی وجہ سے اس بچے کے متعلق پچھلی رپورٹ بنائی گئی تھی، ان شبہات کی اطلاع SCR کو لازماً دینی چاہئیے اور لازمی طور پر ایک نیا LDSS-2221A تحریری اطلاع نامہ تیار کر کے جمع کرانا چاہئیے (جز I.A.8)۔
- برو CPS کے دفاتر کے بارے میں تجدید شدہ رابطہ معلومات فراہم کرتا ہے (جُز I.A.8)۔
- وضاحت کرتا ہے کہ اسکول کے ملازمین کو اس مجاز اطلاع کار کا نام افشا کرنے یا یہ تصدیق کرنے کی ممانعت ہے کہ اسکول نے والدین کو مطلع کیا ہے ، رپورٹ کا موضوع، یا خاندان، یا کوئی بھی فرد جو سماجی خدمات کے قانون کے تحت یہ معلومات حاصل کرنے کا مجاز نہیں ہے۔ (جز I.A.9)
- قرار دیتا ہے کہ اگر اسکول کا عملہ یہ سمجھتا ہے کہ کسی CPS (اطفالی تحفظ خدمات (CPS) کارکن نے ایک مجاز اطلاع کار کی یا اس رپورٹ کے موضوع سے اسکول کی وابستگی یا والدین یا خاندان کے کسی دیگر فرد کی شناخت افشا کر دی ہے، اس خدشے سے ACS دفتر برائے تحفظ اول کو 718-543-7233 پر مطلع کرنا چاہئیے (جُز I.A.9)۔
- قائم کرتا ہے کہ محکمئہ تعلیم کے ایک طالب علم کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا بُرے برتاو کے بارے میں اطلاع ناموں کے سلسلے میں، محکمئہ تعلیم کی یہ پالیسی ہے کہ کسی بھی نظر آنے والی چوٹوں / زخموں کی تصاویر لی جائینگی۔ تصاویر کو ایک نجی ترتیب میں لیا جانا لازمی ہے۔ جہاں کہیں قابل عمل ہو اور مناسب ہو، اس طالب علم کو تصاویر لینے کے لیے اسکول نرس کے دفتر یا اسکول کے طبی کمرے میں لے جانا چاہئیے جہاں صرف تصاویر وہی فرد لے سکتا ہے جس نے نیویارک شہر کی مناسب تربیت مکمل کی ہو۔ کم از کم ، ہر اسکول میں، اسکول نرس اور نامزد رابطہ کار (عملے کا رکن جسے پرنسپل نے بچے سے بدسلوکی یا بُرے برتاو کے معاملات میں جز V.A.2 کے تحت FSC ڈائریکٹر برائے طالب علم خدمات نامزد کے ساتھ رابطہ کاری کے لیے نامزد کیا ہو) کا یہ تربیت حاصل کرنا لازمی ہے۔ عملے کے کم سے کم دو اراکین کو لازماً تربیت یافتہ ہونا چاہئیے۔ اگر اس عمارت کے لیے اسکول نرس کی تعیناتی نہیں ہوا ہے، پرنسپل پر لازم ہے کہ ایک متبادل عملے کے رکن کو تربیت دلوائیں جُز (I.A.10)۔
- قائم کرتا ہے کہ جب کسی بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا بُرے برتاو اور صدمے کی ظاہری علامات کے بارے میں اس پرنسپل / نامزد کردہ کو اطلاع دی جائے پرنسپل / نامزد کردہ کو چاہئیے کہ فوراً نرس یا مجاز اطلاع کار یا دیگر تربیت یافتہ عملے کے رکن سے ان ظاہری زخموں کی تصاویر لینے کا کہے۔ جو فرد تصویر لے رہا ہو اس پر لازم ہے کہ پرنسپل / نامزد کردہ سے تصدیق کرنے کا کہے کہ SCR (اسٹیٹ چائلڈ رجسٹر) کے لیے ایک اطلاع نامہ بنا دیا گیا ہے۔ اگر پرنسپل / نامزد اسکی تصدیق کرے کہ ایک اطلاع نامہ بنا دیا گیا ہے، اسے اس فرد کو فوراً ایک "کال آئی ڈی" نمبر فراہم لازماً کرنا چاہیے جس نے یہ تصویر لی ہے۔ اگر پرنسپل / نامزد کردہ یہ تصدیق نہیں کرتا کہ اطلاع نامہ بنا دیا گیا ہے، جس فرد نے تصویر لی ہے اس پر لازم ہے کہ فوراً SCR کو اطلاع کرے اور ایک اطلاع نامہ بنانے کے لیے اس ضابطے میں دیے گئے طریقئہ کار پر عمل کرے۔ اگر پرنسپل / نامزد کردہ نے ایسی تصدیق فراہم کی ہے لیکن مجاز اطلاع کار کو "کال آئی ڈی" اسکول دن کے اختتام تک فراہم نہیں کی گئی، اس مجاز اطلاع کار کو لازماً فوراً ہی SCR کو کال کرنی چاہئیے اور اس ضابطے میں دیے گئے طریقئہ کار پر عمل کرنا چاہئیے (جُز (I.A.10.a.ii – iii)۔
- قرار دیتا ہے کہ ایسی تصاویر کو شہر کی ملکیت کے آلے (ڈیوائس) سے لیا جانا چاہئیے جسے ایک عملے کے ایک رکن نے جاری کیا ہو اور اسے کسی ذاتی ملکیت کے آلے سے نہیں لینا چاہئیے، اسے LDSS-2221A اطلاع نامہ جمع کراتے وقت ACS کو بھیجنا چاہئیے یا اسکے بعد جتنی جلد ممکن ہو سکے، اسکی نقل بنا کر ایک محفوظ مقام پر رکھنی چاہیئے جہاں صرف پرنسپل / نامزد کردہ کو رسائی حاصل ہو اور شہر کی ملکیت کے آلے (ڈیوائس) سے اسے مٹا دینا چاہئیے۔ قرار دیتا ہے کہ اگر SCR اس بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا بُرے برتاو کو مسترد کرتا ہے، اس نامزد

رابطه کار کو یه یقینی بنانا چاہئیے که ILOG کی تجدید کر لی گئی ہے تاکه اس حقیقت کی عکاسی ہو سکے که ایک تصویر لی گئی تھی جُز (I.A.10. b-e)۔

- قرار دیتا ہے که محکمئه تعلیم کے عملے پر لازم ہے که نیویارک ریاست انصاف مرکز برائے کمزور افراد مرکزی رجسٹر (VCPR) (SCR کے بجائے) کو کسی بھی عمر کے افراد کے ساتھ مشتبه بدسلوکی یا بُرے برتاو کے متعلق ایک اطلاع نامه بنا کر بھیجنا چاہئیے جو ایک تقرر کرده رہائشی مقام پر رہتے ہیں اور یه مبینه بدسلوکی یا برے برتاو ایک عملے کے رکن کے ذریعے ہوا ہو جُز (I.A.11)۔
- قرار دیتا ہے که اگر SCR ایک اطلاع نامے کو منظور کرنے سے انکار کرتا ہے، اس مجاز اطلاع کار پر لازم ہے که پرنسپل کو اس حقیقت سے آگاہ کرے که ایک اطلاع نامه بنایا گیا تھا اور اسے منظور نہیں کیا گیا اور ILOG میں ایک تحریر درج کر دے (جُز I.C.1)
- وضاحت کرتا ہے که ایک طالب علم بچے کے ریکارڈز کو صحت اور حفاظتی ہنگامی صورتوں میں استثنأ کے تحت جیسے که خاندانی تعلیمی حقوق اور رازداری ایکٹ، U.S.C. § 1232g 20، میں دیا گیا ہے، افشا کیے جا سکتے ہیں، اگر پولیس یا ضلعی اٹارنی اس اسکول کو یه اطلاع دیتے ہیں که وه بچے کے ساتھ بدسلوکی یا برے برتاو کے بارے میں ایک الزام کی تفتیش کر رہے ہیں۔ اسکول کے اہلکار پولیس یا ضلعی اٹارنی کو کوئی بھی ریکارڈ جاری کرنے سے قبل اپنے سینئیر فیلڈ مشیر کو کال کر سکتے ہیں، مگر ایسے ریکارڈز کو جاری کرنے میں غیر ضروری دیر نہیں کرنی چاہئیے (جُز (I.C.4)۔
- قرار دیتا ہے که اگر چانسلر کے ضابطے A-210 کے تحت ایک طالب علم 10 دن تک مسلسل غیرحاضر رہے، جبکه ایک طالب علم کی پہلے سے ہی 407 تفتیش ہو رہی ہو، اور ایسا طالب علم 8 دن مسلسل یا کل ملا کر 15 دن غیرحاضر ہو؛ یا ایک پری کنڈرگارٹن سے لے کر گریڈ 8 کا کوئی طالب علم 4 ماه کے عرصے میں کُل 20 دن غیر حاضر رہا ہو، جب که ایک طالب علم چار مہینوں کے دورانیے میں کُل ملا کر 20 دن غیرحاضر رہے، ایک 407 فارم تفتیش لازماً ہونی چاہئیے اور معلوم کرنا چاہئیے که کیا اس طالب علم کی ان غیرحاضریوں کا تعلق تعلیمی غفلت سے ہے یا دیگر انداز کے بُرے برتاو یا بچے کے ساتھ بدسلوکی اسکا سبب ہے (جز (I.D.2)۔
- وضاحت کرتا ہے که ایک تعلیمی غفلت کی اطلاع کو لازماً دائر کرنا چاہئیے جب ایسی غفلت کی اطلاع دینے کی تمام شرائط پوری ہو جائیں، قطع نظر که ایک 407 فارم حاضری تفتیش ہو چکی ہو یا نہیں (جز (I.D.2)۔
- وضاحت کرتا ہے که اپنی تفتیشوں میں، لازم ہے که CPS کارکنان کو اسکول کی ملکیت کے اندر، ان طلبا کے جو مبینه بد سلوکی یا برے برتاو کا شکار ہوئے ہیں اور انکے بھائی بہن کے انٹرویوز لینے اور معائنه کرنے کی اجازت ہونی چاہئیے، اس سے قطع نظر که اسکے بھائی بہن اسی اسکول میں جاتے ہوں یا نہیں (جُز (II.A.3)۔
- وضاحت کرتا ہے که ایسے CPS کارکنان کے اسناد کی تصدیق کرنے کی کاروائی ہونی چاہئیے جو CPS کارکنان کسی بچے کے ساتھ مبینه بد سلوکی یا برے برتاو کے بارے میں تفتیش کرنا چاہتے ہوں یا جب کوئی CPS کارکن کسی اسکول کو ایک الزام کے سلسلے میں کال کرتا ہے (جُز (II.A.4.b)۔
- وضاحت کرتا ہے که جب ایک مرتبه کسی CPS کارکن کی اسناد کی تصدیق ہو جائے، اس CPS کارکن کو صحت اور حفاظت ہنگامی صورت استثنٰی کے تحت جیسا که خاندانی تعلیمی حقوق اور رازداری قانون، 20 U.S.C. § 1232g، میں قائم کیا گیا ہے، طالب علم کے تمام ریکارڈز تک رسائی فراہم کی جا سکتی ہے جسکا نام اس اطلاع نامے میں درج ہے اور اس کے بھائی بہن اگر وه اسی اسکول میں جاتے ہوں، بشمول IEPs اور تشخیصات کے جیسے اطلاق ہو۔ اسکول کے اہلکاران ایسےریکارڈ جاری کرنے سے قبل اپنے سینئیر فیلڈ مشیر سے مشاورت کے لیے رابطه کر سکتے ہیں، مگر ایسے ریکارڈز کو جاری کرنے میں غیر ضروری دیر نہیں کرنی چاہئیے۔ (جز (II.A.4.c)
- وضاحت کرتا ہے که جب ایک CPS کارکن کسی بچے کے بیرونی کپڑوں کو ہٹاتا ہے، ایک اسکول نرس ایک دوسرے فرد کی موجودگی کے مطلوبات کی تکمیل کر سکتا ہے (ایک اور CPS کارکن یا اسکول افسر کے علاوه) (جُز (II.A.4.f

- ایک CPS کارکن کے یا MDT رکن کے اسناد کی تصدیق کے طریق کار کی وضاحت کرتا ہے جب CPS کارکن کسی بچے کو حفاظتی تحویل میں رکھوانا چاہتا ہو یا MDT کے ایک سے زائد ارکان کسی طالب علم کو CAC/CPC (بچوں کے حمایتی مرکز/ بچوں کے تحفظاتی مرکز) کے پاس لے جانا چاہتے ہوں (جُز (II.B.3.c۔
- قرار دیتا ہے کہ کسی طالب علم کو حفاظتی تحویل میں رکھنا ہو یا CAC یا CPC کے پاس لے جانا ہو، اس اسکول کو عدالت کے حکم نامے یا C-701 فارم یا CAC/CPC MDT ریلیز فارم کی ایک نقل لازماً اپنے پاس رکھنا چاہئیے (جُز (II.B.3.e۔
- قرار دیتا ہے کہ اسکولوں پر لازم ہے کہ بچوں کی حفاظتی خدمات کے ذریعے لے جائے جانے والے تمام طلبا کا ILOG اور OORS میں اندراج کریں (جُز (II.B.3.j۔
- چائلڈ ویلفئیر کے زیرِ نگرانی طلبا کی مناسب طور پر وضاحت کردہ غیرحاضری کی وضاحت کرتا ہے اور ان حالات کی جنکے تحت چائلڈ ویلفئیر کے زیرِ نگرانی طلبا کی نامناسب طور پر وضاحت کردہ غیرحاضریوں کے معاملے کو لازماً ACS یا ACS شریک ادارے تک پھونچایا جانا چاہئیے (جُز (III.A.2۔
- قرار دیتا ہے کہ اس ضابطے کے تحت چائلڈ ویلفئیر کے زیرِ نگرانی طالب علم کے ہر غیر حاضر دن جیسا کے اس ضابطے میں واضح کیا گیا ہے، اسکول عملے کا نامزد فرد اسی روز بچے کے والدین سے لازماً رابطہ کریگا اور اس رابطے کے نتائج کے بارے میں پرنسپل / نامزد کو آگاہ کریگا۔ اگر والدین سے رابطہ ہوگیا اور والدین کی جانب سے ایک وجہ فراہم کر دی گئی، پرنسل / نامزد اسکول کے عملے کے مقرر کردہ فرد کی مشاورت کے ساتھ تعین کریگا کہ کیا والدین کی فراہم کردہ وجہ کافی ہے (جُز (III.C.4۔
- قرار دیتا ہے کہ عملے کا مقرر کردہ فرد غیر حاضری کے ہر دن کو ILOG میں لازماً درج کریگا: a) اگر والدین سے رابطہ ہو گیا، والدین کی غیر حاضری کے بارے میں فراہم کردہ وجہ اور پرنسپل کا اس وضاحت کے کافی ہونے کا فیصلہ؛ یا b) اگر والدین سے رابطہ نہیں ہو سکا، رابطہ کرنے کی کوشش اور رابطہ کرنے کے کے قابل نہ ہونا (جُز (III.C.5۔
- قرار دیتا ہے کہ سماجی خدمت کے قانون § 419 کے تحت، اسکول کے کسی بھی ملازم کو نیک نیتی سے رپورٹ تیار کرنے، تصویریں لینے، بچے کو نکالنے یا رکھنے، سماجی خدمات کے قانون کے تحت دیگر مراعات کے لیے بچے کی حفاظتی خدمات کی معلومات کو افشا کرنے کی وجہ سے کسی بھی ذمہ داری، دیوانی یا فوجداری، سے استثناء حاصل ہوگا جس سے بصورت دیگر اس قسم کے فعل پر جرمانہ عائد ہوتا ہو (جُز (IV.A.۔
- قرار دیتا ہے کہ ایک ملازم شہر سے یہ درخواست کرنے کی اہلیت رکھتا ہے کہ اس ضابطے پر عمل کرنے کے سلسلے میں اسکے خلاف کی جانے والی کسی بھی قسم کی شہری کاروائی سے شہر اسے تحفظ فراہم کرے اور واضح کرتا ہے کہ محکمئہ تعلیم کو اس ضابطے پر عمل درآمد کرنے کی وجہ سے ملازمین کے خلاف انتقامی کاروائی کرنے کی ممانعت ہے (جُزIV.C، p. 13 اور (IV.E۔
- وضاحت کرتا ہے کہ ACS دفتر برائے تعلیمی معاونت و پالیسی منصوبہ بندی اسکول میں ACS عملے کی تربیتوں کا اہتمام کرنے میں رابطہ کاری کرنے کے لیے دستیاب ہے (جُز (V.A.3.c۔
- قرار دیتا ہے کہ فیلڈ سپورٹ مراکز پر ڈائریکٹر برائے طالب علم خدمات اسے یقینی بنانے کے ذمہ دار ہونگے کہ اسکول چائلڈ ویلفئیر کے زیرِ نگرانی طلبا کی فہرستیں اپنے اسکولوں میں موصول کریں گے اور جائزہ لیں گے اور اس ضابطے کے جُز III.B کے مطابق مناسب اقدامات کرینگے (جُز (V.B.2۔
- قرار دیتا ہے کہ اسکول کے تمام عملے کو تربیت فراہم کی جائے گی جس سے وہ اطلاع دینے اور دیگر ذمہ داریاں جو اس ضابطے میں بیان کی گئی ہیں ہر سال کے 31 اکتوبر تک اس پر عمل درآمد کرنے کے قابل ہو سکیں گے اور واضح کرتا ہے کہ اس تربیت میں کیا شامل کیا جانا لازمی ہے (جُز (VI.A.2۔
- تقاضہ کرتا ہے کہ، ہر اسکول انگریزی اور ہسپانوی اور زیر احاطہ زبانوں میں OCFS بچے کے ساتھ بدسلوکی / بُرا برتاو ٹیلیفون ہاٹ لائن نمبر اور OCFS ویب سائٹ تک رسائی کی ہدایات کے اطلاع نامے فراہم کرے جیسا کہ

چانسلر کے ضابطے A-663 میں مطلوب ہے، اور وضاحت کرتا ہے کہ ایسی اطلاع کو کس طرح والدین، طلبا اور عملے کو فراہم کیا جانا چاہئیے (جُز VIII.D)۔

چانسلر کا ضابطہ

نمبر: A-750
موضوع: بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو کا انسداد
زمرہ: طلبا
جاری کردہ: 28 ستمبر، 2017

## چانسلر کا ضابطہ


نمبر: A-750 ..... 1

**تبدیلیوں کا خلاصہ** ..... 1

**خلاصہ** ..... 8

**پیش لفظ** ..... 8

وضاحتیں ..... 9

**I. بچے کے ساتھ بدسلوکی اور برے برتاو کی اطلاع ریاست نیویارک کے مرکزی رجسٹر کو دینے کے طریقہ کار ..... 9**

**A. ایک اطلاع نامہ مرتب کرنا ..... 9**

**B. کسی بچے کے لیے فوری خطرے والے کیسوں کے لیے طریقہ ہائے کار ..... 16**

**C. طریقہ ہائے کار اگر SCR کسی اطلاع نامہ کو مسترد کر دے اور / یا کسی اطلاع نامہ کو پولیس کے حوالے کردے ..... 17**

**D. تعلیمی غفلت کی بنیاد پر بُرے برتاو کے شبہات کی اطلاع دینا ..... 18**

**II. بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا بُرے برتاو کے بارے میں اطفالی تحفظ خدمات (CPS) کی تفتیشات میں تعاون کرنے کے طریقہ ہائے کار ..... 19**

**A. CPS کی تفتیشات ..... 19**

**B. طلبا کا بچوں کے حمایتی مراکز / بچوں کے تحفظاتی مراکز برائے کثیر شعبہ جاتی ٹیم تفتیشات یا دیگر بچوں کی تحفظاتی خدمات کے ذریعے منتقلی میں تبادلہ کرنا ..... 20**

**III. اطفالی بہبود کے زیرِ نگرانی الیمینٹری اور مڈل اسکول کے طلبا کے غیر حاضری کے خدشات کے وسیع اظہار کی پالیسیاں اور طریقہ ہائے کار [(درجہ به درجہ ردِعمل کا طریقہ کار (Tiered Response Protocol)] ..... 22**

**A. درجہ به درجہ ردِعمل ..... 22**

**B. اطفالی بہبود کے زیرِ نگرانی طلبا کا شناخت کیا جانا ..... 23**

**C. جائزہ اور تشخیص ..... 24**

**D. ACS یا ACS ادارے کے شراکت دار کو خدشات کے بارے میں لازمی آگاہ کرنا ..... 25**

**E. SCR کو خدشات سے آگاہ کرنا ..... 25**

**IV. مجاز اطلاع کاروں کے بارے میں قانونی امور ..... 25**

**A. قانونی ذمہ داری سے استثناء ..... 25**

**B. رپورٹ نہ کرنے پر قانونی ذمہ داری اور جرمانے ..... 26**

**C. انتقامی کارروائی کی ممانعت ..... 26**

D. اسکول کے عملے پر عدالتی حکم (Subpoena) کی خدمت ........ 26
E. ملازم کا قانونی نمائندگی کرنے کی ایک درخواست دینے کا استحقاق ........ 26
V. بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے سلوک کی انسدادی اور مداخلتی ٹیمز اور فیلڈ معاونتی مراکز کی ذمہ داریاں ........ 27
A. اسکول کے بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے سلوک کی انسدادی اور مداخلتی ٹیمیں ........ 27
B. فیلڈ معاونتی مراکز (سپورٹ سینٹرز) ........ 28
VI. اسکول کے عملہ کے ارکان کی تربیت اور والدین اور طالب علم کی تعلیم ........ 28
A. عملے کی تربیت ........ 28
B. والدین کی شرکت ........ 29
C. طالب علم کی تعلیم ........ 29
VII. محکمئہ تعلیم کے ملازمین کی جانب سے غلط طرزعمل پر اطلاع دینے کی ذمہ داری ........ 29
VIII. اطلاعات ........ 30
IX. چانسلر کو مطلع کرنا ........ 31
X. تکنیکی معاونت ........ 31
XI. استفسارات ........ 31

چانسلر کا ضابطہ

نمبر: A-750
موضوع: بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو کا انسداد
زمرہ: طلبا
جاری کردہ: 28 ستمبر، 2017

## خلاصه

یہ ضابطہ چانسلر کے ضابطے A-750 مورخہ 22 دسمبر، 2016 کی تجدید کرتا ہے اور اس کی جگہ لیتا ہے۔

نیویارک ریاست سماجی خدمات کا قانون تقاضہ کرتا ہے کہ اسکول کا عملہ بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی اور بُرے برتاو کے تمام معاملات کے بارے میں براہ راست ریاستی مرکزی رجسٹر برائے بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو (SCR) کو اطلاع دینگے۔ یہ ضابطہ نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کے اسکول عملے کی ان اطلاع ناموں کے بنانے کی ذمہ داریوں کو بیان کرتا ہے اور نیویارک ریاست دفتر برائے اطفال اور اہل خانہ خدمات (OCFS) اور نیویارک شہر انتظامیہ برائے اطفال خدمات (ACS)، جنہیں اس ضابطے میں اجتماعی طور پر اطفالی تحفظ خدمات (CPS) کہا گیا ہے، کے ذریعے کی جانے والی تفتیشات میں تعاون کرنے اور چائلڈ ویلفیئر کے زیرِ نگرانی طلبا کی غیرحاضروں کے بارے میں خدشات سے آگاہ کا تقاضہ کرتا ہے۔

## پیش لفظ

ایک بچہ بدسلوکی یا بُرا برتاو کا شکار گردانا جائیگا اگر اس بچے کی عمر 18 سال سے کم ہے اور والدین، سرپرست، نگران یا کوئی فرد مسلسل اس گھر میں رہائش پذیر ہو جس میں شامل ہے نیویارک شہر ابتدائی طفلی تعلیمی مرکز (NYCEEC) کا کوئی ملازم، یا محکمئہ تعلیم لائف مرکز (DOE LYFE) کا ملازم، اس بچے کو ایذا پہونچاتا ہے، اس کے لیے بڑا خطرہ بننے کا باعث بنتا ہے یا بچے کی حفاظت کرنے کی کی کم سے کم فکر کرنے میں ناکام ہو جاتا ہے۔ محکمئہ تعلیم کے عملے سے، بطور مجاز اطلاع کار تقاضہ کیا جاتا ہے کہ مشتبہ بدسلوکی یا بُرے برتاو کے بارے میں SCR کو فوراً اطلاع دی جائے۔

اسکول کے عملے کو اگر کسی طالب علم کے بارے میں کسی محکمئہ تعلیم کے ملازمین یا دیگر جو محکمئہ تعلیم کے اسکول کے پروگراموں یا خدمات سے وابستہ ہیں کی جانب سے بد فعلی یا جنسی بدسلوکی کرنے کا خدشہ ہے انہیں ایسے خدشات کی اطلاع فوراً خاص کمشنر برائے تحقیقات کو دینی چاہئیے۔

اگر کوئی طالب علم بچے کے ساتھ بدسلوکی اور / یا بُرے برتاو کے علاوہ ایک مشتبہ مجرمانہ عمل کا شکار ہوا ہے، اسکول کے عملے پر لازم ہے کہ نیویارک شہر محکمئہ پولیس (NYPD) سے رابطہ کریں۔

اگر، کسی بھی وقت کسی بچے کو صحت یا حفاظت کو ایک نمایاں خطرے کا سامنا ہے یا کسی بچے کو فوری طبی توجہ درکار ہے، فوراً 911 پر لازماً رابطہ کرنا چاہئیے۔

وضاحتیں
اس پورے ضابطے میں زیر استعمال اصطلاحات کی وضاحتیں حسب ذیل ہیں۔

**والدین**

والدین کی اصطلاح، جیسے کہ اس ضابطے میں استعمال کیا گیا ہے، کا مطلب ہے ایک بچے کا والدین یا کوئی فرد جو اس بچے کی نگہداشت کا ذمہ دار ہو۔ ایک فرد جو ایک بچے کی نگہداشت کا ذمہ دار ہے اس میں شامل ہیں ایک سرپرست، نگراں یا کوئی فرد جس کا اس بچے کے ساتھ والدین یا نگرانی کا تعلق ہو۔

بچوں کے ساتھ بدسلوکی

ایک بچہ بدسلوکی یا بُرے برتاو کا شکار گردانا جائیگا اگر اس بچے کی عمر 18 سال سے کم ہے اور والدین، **کوئی فرد مسلسل یا باقاعدہ وقفے سے اس گھر میں پایا گیا ہو جہا ں یہ بچہ رہتا ہے** یا محکمئہ تعلیم LYFE مرکز کا ملازم یا نیویارک شہر ابتدائی طفلی تعلیمی مرکز (NYCEEC) کا کوئی ملازم، اس بچے کو حادثاتی طریقوں کے علاوہ جسمانی ایذا پہونچاتا ہے، حادثاتی طریقوں کے علاوہ اس کے لیے سنگین جسمانی چوٹ کی وجہ بنتا ہے یا بچے کے ساتھ جنسی بدسلوکی کا ارتکاب کرتا ہے۔ ایک فرد کسی بچے کے ساتھ بدسلوکی کرنے کا باعث بن سکتا ہے اگر وہ ایک ایسے بچے کے ساتھ ان سرگرمیوں کا ارتکاب کرتا ہے جو اسکی زیر نگہداشت ہے یا کسی دوسرے فرد کو اس بچے کے ساتھ ایسی سرگرمیوں کا ارتکاب کرنے کی اجازت دیتا ہے۔

**بچے کے ساتھ بُرا برتاو**

بُرے برتاو کا حوالہ نگہداشت کے اس معیار کے ساتھ کیا جاتا ہے جو ایک بچہ، بچے کی نگہداشت کے ذمہ داران سے حاصل کرتا ہے۔ بُرا برتاو اس وقت عمل میں آتا ہے جب ایک والدین،**کوئی فرد جو اسی گھر میں مسلسل یا باقاعدہ وقفوں سے پایا گیا جہاں یہ بچہ ہے یا ایک** DOE LYFE **مرکز کا ملازم یا ایک** NYCEEC **کا کوئی ملازم، 18 سال کی عمر سے کم بچے کو ضرر پہونچانے کا مرتکب ہو،** یا جس کے باعث اس بچے کو نمایاں ذیلی خطرے کا سامنا ہونے کا احتمال ہو: 1) اس بچے کو غذا، لباس، پناہ دینا، تعلیم (تعلیم کے حوالے سے کم سے کم درجے کی نگہداشت فراہم کرنے کو اب سے بطور ایک تعلیمی غفلت گردانا جائیگا) کی کم سے کم نگہداشت فراہم کرنے میں ناکامی، اور / یا کم سے کم درجے کی نگہداشت فراہم کرنے میں ناکامی، اور / یا طبی نگہداشت جبکہ مالی طور پر ایسا کرنے کے قابل ہو؛ 2) بچے کو اکیلا بے یار و مددگار چھوڑ دینا؛ 3) بچے کو مناسب نگرانی کی فراہمی میں ناکامی؛ 4) الکحل یا منشیات کے استعمال میں زیادتی میں اتنا مشغول رہنا جس سے اس کے اس بچے کی مناسب نگہداشت کی نگرانی کرنے کی قابلیت پر اثر پڑتا ہو؛ اور یا 5) بلاوجہ شدید جسمانی سزا دینے کا مرتکب ہونا۔

**اطلاع کا موضوع**

اطلاع کا موضوع وہ فرد ہے، جس کے خلاف بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاو کا ایک الزام SCR کو بھیجا گیا ہو۔

**I. بچے کے ساتھ بدسلوکی اور برے برتاو کی اطلاع ریاست نیویارک کے مرکزی رجسٹر کو دینے کے طریقہ کار**

**A. ایک اطلاع نامہ مرتب کرنا**

1. اسکول کا تمام تدریسی اور غیر تدریسی عملہ بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو کے مجاز اطلاع کار ہیں اور انہیں لازماً ذیلی ترتیب میں ایک اطلاع نامہ مرتب کرنا چاہئیے:

a. اگر ایک 18 سال کی عمر سے کم کا بچہ ایک مجاز اطلاع کار کے پاس اسکی باضابطہ یا پیشہ ورانہ اسکول سے متعلق حیثیت میں آتا ہے اور اس مجاز اطلاع کار کے پاس یہ شبہ کرنے کی مناسب وجہ موجود ہو کہ والدین، کوئی فرد جو اسی گھر میں مسلسل یا باقاعدہ وقفوں سے پایا جاتا ہے جہاں یہ بچہ ہے یا ایک DOE LYFE مرکز کے ملازم یا ایک NYCEEC کے کسی ملازم نے اس بچے کے ساتھ زیادتی یا بُرا برتاو کیا ہے، مجاز اطلاع کار سے تقاضہ کیا جاتا ہے کہ فوراً اس شبے کے بارے میں SCR کو 1-800-635-1522 پر فون کر کے اطلاع کرے۔ اس مجاز اطلاع کار کے لیے ضروری نہیں ہے کہ وہ اطلاع کرنے سے قبل ٹھوس ثبوت حاصل کرے یا انٹرویو کرے یا بصورتِ دیگر اس بچے کی جانچ کرے۔

b. اگر ایک والدین، کوئی فرد جو اسی گھر میں مسلسل یا باقاعدہ وقفوں سے پایا جاتا ہے جہاں یہ بچہ ہے، یا محکمئہ تعلیم LYFE مرکز کا ملازم ہو یا NYCEEC کا ملازم ہو، ایک مجاز اطلاع کار کے سامنے اسکی پیشہ ورانہ یا سرکاری حیثیت سے پیش ہوتا ہے اور اپنی ذاتی معلومات کے مطابق حقیقتیں، حالات، یا واقعات کے بارے میں بیان کرتا ہے جو، اگر صحیح ہیں، تو ایک 18 سال کی عمر سے کم کے بچے کو بطور ایک بدسلوکی یا بُرے برتاو کا شکار قرار دیتے ہوں، اس مجاز اطلاع کار کو ان شبہات کی فوراً SCR کو جُز I.A.1.a کے تحت اطلاع کرنا لازم ہے۔

c. مجاز اطلاع کار کو اپنی رابطہ معلومات کے علاوہ، SCR کو عملے کے ہر اس رکن کے نام، عہدہ اور رابطہ کی معلومات، جس حد تک اسے معلوم ہے دینی چاہیے جنکو اس اطلاع میں دیے گئے الزامات کے بارے میں براہ راست علم ہونے کا یقین ہے۔ مجاز اطلاع کار پر لازم ہے کہ بچے کے ساتھ مبینہ زیادتی اور بُرے برتاو کے بارے میں معلومات بہم پہنچائے اور لازماً مشورہ دے کہ کیا یہ بچہ خاص تعلیم خدمات حاصل کر رہا ہے اور اسکی معذوری کی نوعیت کیا ہے، اس حد تک جس حد تک اس مجاز اطلاع کار کو اس بارے میں علم ہو۔

d. مشتبہ بُرے برتاو کا اطلاع نامہ بنانے کے بارے میں مطلوبات جس کی بنیاد تعلیمی غفلت ہو جُز I.D میں بیان کیا گیا ہے۔ ایک بچے کی غیر حاضری کی وجہ بننے والے حالات کی تفتیش کرنے کے متعلقہ طریقہ کار جس سے تعین کیا جا سکے کہ کیا ان غیر حاضریوں کا تعلق تعلیمی غفلت ہو سکتا ہے یا کوئی بُرا برتاو یا بچے کے ساتھ بدسلوکی ہے جیسے کہ چانسلر کا ضابطہ A-210 میں دیا گیا ہے (حاضری پروگراموں کے لیے معیارات)۔

2. زبانی اطلاع درج کرواتے وقت، اس مجاز اطلاع کار کو SCR سے "کال آئی ڈی" نمبر کے لیے کہنا چاہیے۔ اس "کال آئی ڈی" نمبر کو محفوظ رکھنا چاہئیے اور مجاز اطلاع کار اور اسکول کے اہلکار کو اسے OCFS LDSS-2221A تحریری رپورٹ کو مکمل کرنے اور محکمئہ تعلیم کا آن لائن واقعات کی اطلاع دینے کا نظام (OORS) کو اطلاع دینے کے لیے استعمال کرنا چاہئیے۔ (جز I.A.5. اور IX ملاحظہ کریں۔)

3. SCR کو اطلاع درج کروانے کے بعد مجاز اطلاع کار پر لازم ہے کہ فوراً (اور اسکول دن کے اختتام سے قبل) پرنسپل / نامزد کو مطلع کرے اور اسے "کال آئی ڈی نمبر" فراہم کرنا چاہیے۔ جیسا کہ اس ضابطے میں استعمال کیا گیا ہے "پرنسپل" ایک محکمئہ تعلیم پری کنڈر گارٹن مرکز کے ابتدائی طفلی ڈائریکٹر کے حوالے سے بھی جانا جاتا ہے (جز I.A.3)۔ اس پرنسپل کے نامزد کا بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو کے انسداد کی ٹیم کا ایک رکن ہونا لازمی ہے (جز V ملاحظہ کریں)۔ اس ضابطے سے متعلق پرنسپل کی ذمہ داریوں کو ذیل میں بیان کیا گیا ہے۔ اگر پرنسپل کسی کو نامزد کرکے ان ذمہ داریوں کو سونپنا چاہے تو پرنسپل کو چاہئیے کہ سالانہ بنیادوں پر ایک نامزد کا تقرر کرے۔
4. اگر مجاز اطلاع کار کے پاس بچے کے ساتھہ بدسلوکی اور بُرے برتاو کے بارے میں شبہ کرنے کی معقول وجہ ہے اور براہ راست علم رکھتا ہے کہ انہی حقائق، حالات یا واقعات کی بنیاد پر اسکول میں ایک دوسرے مجاز اطلاع کارکی جانب سے ایک اطلاع نامہ پہلے ہی بنا کر SCR کو دے دیا گیا ہے، اسے چاہئیے فوراً ہی یا تو: 1) اس شبہ کی براہ راست اطلاع SCR کو کرے جیسے کہ مذکور بالا بیان کیا گیا ہے؛ 2) پرنسل / نامزد سے مشورہ کرے۔ اگر پرنسپل / نامزد اسکی تصدیق کرے کہ ایک اور اطلاع نامہ بنایا گیا ہے، اسے چاہئیے کہ فوراً مجاز اطلاع کار کو ایک کال آئی ڈی نمبر فراہم کرے۔ اگر پرنسپل / نامزد کردہ یہ تصدیق نہیں کرتا کہ دوسرا اطلاع نامہ بنایا گیا ہے، مجاز اطلاع کار پر لازم ہے کہ فوراً SCR کو کال کرکے اطلاع دے اور مذکور بالا طریقئہ ہائے کار پر عمل کرے۔ اگر پرنسپل / نامزد کردہ ایسی تصدیق فراہم کرتا ہے لیکن مجاز اطلاع کار کو "کال آئی ڈی" اسکول دن کے اختتام تک فراہم نہیں کرتا، اس مجاز اطلاع کار کو لازماً فوراً ہی SCR کو کال کرکے اطلاع دینی چاہئیے اور مذکور بالا طریقئہ ہائے کار پر عمل کرنا چاہئیے۔
5. اس مجاز اطلاع کار کو SCR کو زبانی اطلاع دینے کے بعد 48 گھنٹوں کے اندر LDSS-2221A فارم استعمال کرتے ہوئے ایک تحریری اطلاع نامہ بھی لازماً بنانا چاہئیے۔ اس تحریری اطلاع نامے میں لازماً شامل ہونا چاہئیے: a) عملے کے ہر اس فرد کا نام، عہدہ اور رابطہ معلومات جنہیں اس الزام (الزامات) کے بارے میں براہ راست علم ہے؛ b) جہاں بدسلوکی یا بُرے برتاو کی اطلاع کا تعلق معذوری کے حامل ایک بچے سے ہے، اس بچے کی معذوری کی تفصیل اور اسکول کی جانب سے فراہم کردہ طبی یا متعلقہ خدمات؛ اور c) SCR کی جانب سے فراہم کردہ "کال آئی ڈی" نمبر۔ اس مجاز اطلاع کار کو چاہئیے کہ اس فارم میں جہاں کہا گیا ہے کہ "مجاز اطلاع کار تفتیش کے نتائج حاصل کرنے کی درخواست کر رہا ہے"، "جی ہاں" پر نشان لگا کر تفتیش ہونے کے بعد نتائج کی ایک نقل بھی لازماً حاصل کرنی چاہئیے۔ اس فارم کی کاپیاں محکمئہ تعلیم کی بچوں کے ساتھ بدسلوکی کا انسداد کی ویب سائٹ سے حاصل کی جاسکتی ہیں: http://ocfs.ny.gov/main/Forms/cps/LDSS-2221A.dot.
LDSS-2221A تحریری اطلاع نامےکو لازماً اس برو کے مقامی CPS کے فیلڈ دفتر کو جہاں یہ مبینہ اطلاع کا موضوع رہائش پذیر ہے ای میل یا بذریعہ ڈاک بھیجنا چاہئیے (ذیل میں CPS رابطہ معلومات ملاحظہ کریں)۔

6. اس اسکول پر لازم ہے کہ LDSS-2221A کے تمام تحریری اطلاعات ناموں کی نقول کو ایک فائل میں رکھنا چاہیئے جس کا عنوان ہو بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا بُرے برتاو کی اطلاعات، اور اس فائل کو ایک محفوظ جگہ پر رکھا جائے جو صرف پرنسپل / نامزد کے لیے قابل رسائی ہونا چاہئیے۔ اس اطلاع نامے کی ایک نقل فیلڈ سپورٹ سینٹر (FSC) ڈائریکٹر برائے طالب علم خدمات کو بھیجنا لازمی ہے جنہیں اسی طرح ایسے اطلاع ناموں کو سنبھال کر رکھنا لازمی ہے (FSC ڈائریکٹرز برائے طالب علم خدمات کی بچے کے ساتھ بدسلوکی کے انسداد اور مداخلت سے متعلق ذمہ داریاں جُز V.B. میں بیان کی گئی ہیں)۔
7. اگر یہ مجاز اطلاع کار بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو کے بارے میں ایک الزام کے بارے میں اضافی معلومات حاصل کرتا ہے جسکی پہلے اطلاع دی گئی ہو، اس مجاز اطلاع کار پر لازم ہے کہ SCR کو اس اضافی معلومات کے موصول ہونے کے 24 گھنٹوں کے اندر کال کرے؛ بیان کرے کہ اسکے پاس ایک پچھلے اطلاع نامہ کے بارے میں اضافی معلومات ہیں، اور عملے کے اس فرد کا نام، عہدہ اور رابطہ معلومات سے متعلق نئی معلومات فراہم کرے جو الزام کے بارے میں براہ راست علم رکھتا ہو۔ اگر اضافی معلومات میں نئے الزامات شامل نہیں ہیں، ایک نئی LDSS-2221A تحریری اطلاع نامے کی ضرورت نہیں ہے۔ SCR کو اضافی معلومات دینے کے لیے کال کرنے کے بعد، اس مجاز اطلاع کار پر لازم ہے کہ اس حقیقت کی اطلاع دے کہ یہ اضافی معلومات کی کال پرنسپل / نامزد کو کر دی گئی ہے اور LDSS-2221A تحریری اطلاع نامہ جو پہلے جمع کرایا گیا تھا اس میں اس اضافی معلومات کو شامل کرکے اسکی تجدید کی جائے جیسا کہ جز I.A.5 میں بیان کیا گیا ہے۔
8. وضاحت کرتا ہے کہ اگر بچے سے بد سلوکی یا بُرے برتاو کے بارے میں مبینہ اضافی معلومات ایک بچے کے بارے میں سامنے آتی ہیں جو ایک پہلے کے اطلاع نامے میں شامل تھا اور یہ الزامات نئے الزامات ہیں جن کی بنیاد کا تعلق مختلف حقائق، حالات یا واقعات سے ہو جن کی وجہ سے اس بچے کے بارے میں پچھلا اطلاع نامہ وجہ بنا تھا ان شبہات کی اطلاع لازماً SCR کو دینی چاہئیے اور لازمی طور پر ایک نیا LDSS-2221A تحریری اطلاع نامہ تیار کرکے جز I.A.1 کے تحت جمع کرانا چاہئیے۔

**CPS رابطہ معلومات**

LDSS-2221A تحریری اطلاع ناموں کو ذیل پر پائے جانے والے ای میل پتے پر ارسال کریں:
https://infohub.nyced.org/partners-and-providers/health-and-wellness/reporting-child-abuse/

LDSS-2221A تحریری اطلاعات ناموں کو ڈاک کے ذریعے ارسال کرنے کے لیے ذیل میں متعلقہ برو CPS دفاتر کے پتے دیے گئے ہیں:

| | |
|---|---|
| **مقامی رجسٹر** | **مقامی رجسٹر** |
| مین ہیٹن فیلڈ دفتر | بروکلن فیلڈ دفتر |
| Applications Unit | Applications Unit |
| 55 West 125th Street - 3rd Floor | 1274 Bedford Ave. - 2nd Floor |
| New York, NY Brooklyn, NY 11216 | |
| **مقامی رجسٹر** | **مقامی رجسٹر** |
| برونکس فیلڈ دفتر | کوئنز فیلڈ دفتر |

Applications Unit

2501 Grand Concourse

5th floor

Bronx, NY 10468

Applications Unit

165-15 Archer Avenue - 3rd Floor

Jamaica, NY 11433

**مقامی رجسٹر**

اسٹیٹن آئلینڈ فیلڈ دفتر

Applications Unit

350 St. Mark's Place - 3rd Floor

Staten Island, NY 10301

9. SCR کو مجاز اطلاع کار کے فراہم کردہ اطلاع ناموں کو صیغۂ راز میں رکھا جاتا ہے، لیکن انہیں بےنامی نہیں بنایا جا سکتا۔ مجاز اطلاع کاروں پر لازم ہے کہ SCR کو اپنا نام فراہم کریں۔ CPS کارکنان کو ایک تفتیش کے دوران اس مجاز اطلاع کار کا نام جاری کرنے یا اس مجاز اطلاع کار کے اسکول کا والدین کے ساتھ تعلق، اطلاع کا موضوع ، یا خاندان کو افشا کرنے کی ممانعت ہے۔ اسکے علاوہ، اسکول کے ملازمین کو اس مجاز اطلاع کار کا نام افشا یا اسکی تصدیق کرنے کی ممانعت ہے کہ اسکول نے یہ اطلاع نامہ والدین کے لیے بنایا ہے، جو اس اطلاع نامے کا موضوع ہے، یا خاندان، یا کوئی بھی فرد جو سماجی خدمات کے قانون کے تحت اس اطلاع کو موصول کرنے کا مجاز نہیں ہے۔ سماجی خدمات قوانین قرار دیتے ہیں کہ اطلاع کار فرد کی شناخت صرف مقامی CPS، کسی عدالت، گرانڈ جیوری، ضلعی اٹارنی، پولیس یا دیگر اداروں جنہیں مخصوص طور پر ایسی رسائی حاصل ہے، کو دی جا سکتی ہے۔
اگر مجاز اطلاع کار کے پاس یہ شبہ کرنے کی ایک وجہ ہے کہ اسکا نام محکمئہ تعلیم کے عملے کے ایک رکن نے ایسے فریق کو جاری کیا ہے جو قانونی طور پر ایسی معلومات حاصل کرنے کے مجاز نہیں ہے، فوری طور پر ایک اطلاع نامہ بنا کر شعبہ برائے قانونی خدمات کو 212-374-6888 پر دینا لازمی ہے۔
اگر اسکول کا عملہ یہ سمجھتا ہے کہ کسی CPS کارکن نے ایک مجاز اطلاع کار کی یا اس اطلاع کے موضوع سے اسکول کی وابستگی یا والدین یا خاندان کے دیگر فرد کی شناخت افشا کر دی ہے، ایسے خدشے کی اطلاع ACS دفتر برائے تحفظ اول کو 718-543-7233 پر دینی چاہئیے۔

10. چوٹوں کی تصویریں لینے کے بارے میں پالیسی جب بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاو کا شبہ ہو
محکمئہ تعلیم کے ایک طالب علم بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا بُرے برتاو کے بارے میں اطلاع ناموں سے متعلق، محکمئہ تعلیم کی یہ پالیسی ہے کہ کسی بھی صدمے کی نظر آنے والی ظاہری علامات کی تصاویر لی جائینگی جیسے کہ ذیل میں بیان کیا گیا ہے۔ تصاویر کو ایک ایسی نجی ترتیب میں لیا جانا چاہئیے جس میں اس بچے کے تحفظات اور رازداری کا بہترین انتظام موجود ہو۔ جہاں ممکن اور مناسب ہو سکے، تصویریں لینے کے لیے اس بچے کو نرس کے دفتر یا اسکول کے طبی کمرے میں لے جانا چاہئیے۔ تصاویر صرف وہی شخص لے سکتا ہے جس نے نیویارک شہر کی موزوں تربیت حاصل کی ہو۔ کم از کم ، ہر اسکول میں، اسکول نرس اور نامزد رابطہ کار (عملے کا رکن جسے پرنسپل نے بچے سے بدسلوکی یا بُرے برتاو کے معاملات میں جز V.A.2 کے تحت FSC ڈائریکٹر برائے طالب علم خدمات سے رابطہ کاری کے لیے نامزد کیا ہو) کو یہ تربیت لینا لازمی ہے۔ عملے کے کم سے کم دو اراکین کو یہ تربیت لازمی لینی چاہئیے۔ اگر اس عمارت کے لیے اسکول نرس کی تعیناتی نہیں ہوئی ہے، پرانسپل پر لازم ہے کہ تربیت دلوانے کے لیے ایک متبادل عملے کے رکن کی نامزدگی کی نشاندہی کرے؛ مزید عملہ بھی یہ تربیت حاصل کر سکتا ہے۔

a. پرنسپل / نامزد کی کو اطلاع نامے اور SCR کو اطلاع دینا

i. جب ایک مجاز اطلاع کار صدمے کی ظاہری علامات کا مشاہدہ کر لیتا ہے اور اسے بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو کے بارے مِیں مناسب شبہ کرنے کی وجہ مل جائے، اس مجاز اطلاع کار کو چاہئیے کہ: a) تصاویر لینے کے مقصد کے لیے، فوراً پرنسپل / نامزد کردہ کو اس بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا بُرے برتاو اور صدمے کی ظاہری علامات کے بارے میں اطلاع دے؛ اور b) اسکے فوراً بعد جُز I.A.1 کے مطابق اور طریقئہ کار کے تحت ایک زبانی اطلاع SCR کو دیگا اور اس اسکول دن کے ختم ہونے سے قبل پرنسپل / نامزد کردہ کو جُز I.A.3 کے تحت "کال آئی ڈی" نمبر فراہم کریگا۔

ii. جب پرنسپل / نامزد کردہ کو کسی بچے کے ساتھ مبینہ بدسلوکی یا بُرے برتاو کے بارے میں تجویز دی جائے اور صدمے کی ظاہری علامات موجود ہوں، اس پرنسپل / نامزد کردہ کو چاہئیے کہ فوراً نرس یا مجاز اطلاع کار یا کسی اور تربیت یافتہ عملے کے رکن کو حسب ذیل طریقئہ کار کے مطابق ان ظاہری زخموں کی تصاویر لینے کا کہے۔

iii. جو فرد تصویر لے رہا ہو اس پر لازم ہے کہ پرنسپل / نامزد کردہ سے تصدیق کرنے کا کہے کہ کیا ایک SCR (اسٹیٹ چائلڈ رجسٹر) کے لیے ایک اطلاع نامہ بنا دیا گیا ہے۔ اگر پرنسپل / نامزد تصدیق کرتا ہے کہ ایک اطلاع نامہ بنا دیا گیا ہے، اسے جُز I.A.4 کے تحت اس فرد کو فوراً ایک "کال آئی ڈی" نمبر فراہم کرنا چاہیے جس نے تصویر لی ہے۔ اگر پرنسپل / نامزد کردہ تصدیق نہیں کرتا کہ اطلاع نامہ بنایا گیا ہے، جس فرد نے تصویر لی ہے اسے چاہئیے کہ فوراً SCR کو کال کرے اور جُز I.A.1-5 میں طے کردہ طریقئہ کار پر عمل کرے۔ اگر پرنسپل / نامزد کردہ ایسی تصدیق فراہم کرتا ہے لیکن مجاز اطلاع کار کو "کال آئی ڈی" اس اسکول دن کے اختتام تک فراہم نہیں کرتا، اس مجاز اطلاع کار پر لازم ہے کہ فوراً ہی رپورٹ کے ساتھ SCR کو کال کرے اور جُز I.A.1-5 میں دیے گئے طریقئہ کار پر عمل کرے۔

iv. پرنسپل / نامزد کردہ فوراً ہی، لیکن تصاویر لینے کے 24 گھنٹے کے اندر، نامزد رابطہ کار کو مشورہ دیگا، اگر وہ تصاویر لینے کا ذمہ دار نہیں تھا، کہ تصاویر لے لی گئی ہیں۔

v. اس مجاز اطلاع کار پر لازم ہے کہ SCR کو زبانی اطلاع دینے کے بعد LDSS-2221A تحریری اطلاع نامہ بناکر جُز A.5.1 میں دیے گئے طریقئہ کار کے تحت 48 کے اندر لازمی جمع کرائے۔ اس مجاز اطلاع کار پر لازم ہے کہ فارم کے "تصاویر" کے خانے پر لازمی نشان لگائے جہاں کہا جا رہا ہے کہ "اقدام لے لیے گئے یا لیے جانے والے ہیں"۔

b. تصاویر لینا

i. تصاویر کو ایک ایسی نجی ترتیب میں لیا جانا چاہئیے جس میں اس بچے کے تحفظات اور رازداری کا بہترین انتظام موجود ہو۔ جہاں ممکن اور مناسب ہو سکے، تصویریں لینے کے لیےاس بچے کو نرس کے دفتر یا اسکول کے طبی کمرے میں لیجانا چاہئیے۔

ii. شہر کی ملکیت والے آلے (ڈیوائس) کے ذریعے تصاویر کا لیا جانا لازمی ہے جو کسی عملے کے رکن کو جاری کیا گیا ہو اور کسی ذاتی ڈیوائس سے تصویر نہیں لی جا سکتیں۔

iii. تصاویر صرف وہی لے سکتا ہے جس نے نیویارک شہر کی موزوں تربیت حاصل کی ہو۔

iv. کوئی تصویریں نہیں لی جا سکتی اور کسی بچے کے اعضائے تناسل، مقعد یا سینے کی جگھوں کی جانچ نہیں کی سکتی۔

c. بچے کی چوٹ / چوٹوں کی تصاویر کا ACS کو ارسال کرنا

i. تصاویر لینے کے بعد، جس ڈیوائس میں تصاویر ہیں اسے فوراً ہی نامزد رابطہ کار کے حوالے کر دینا چاہئیے۔

ii. نامزد رابطہ کار کو ذیلی معلومات لازماً حاصل کرنی چاہئیے: SCR "کال آئی ڈی" نمبر؛ اس طالب علم کا نام؛ اس طالب علم کا OSIS نمبر؛ اور وہ تاریخ جب LDSS-2221A تحریری اطلاع نامہ جمع کروایا گیا تھا۔

iii. جس وقت LDSS-2221A تحریری اطلاع نامہ جمع کروایا گیا تھا، یا جتنی جلد ممکن ہو سکے، نامزد رابطہ کار پر لازم ہے کہ محکمئہ تعلیم کے بنائے گئے طریقہ کار کے مطابق ذیل میں دیے گئے برو سے مخصوص نامزد ACS ای میل باکس پر شہر کی جانب سے جاری کردہ آلے کے ذریعے لی گئی تصویر کے ساتھ اِنکرپٹڈ (خُفیہ تحریر) ای میل بھیجے۔ اس ای میل میں شامل ہونا چاہئیے: SCR "کال آئی ڈی" نمبر؛ طالب علم کا نام؛ طالب علم کا OSIS نمبر؛ منسلکہ تصاویر کی تعداد؛ بھیجنے والے کا نام؛ اسکول کا نام اور DBN ۔

**برونکس:** DOEPhotosBronx@acs.nyc.gov

**بروکلن:** DOEPhotosBrooklyn@acs.nyc.gov

**مین ہیٹن:** DOEPhotosManhattan@acs.nyc.gov

**کوئنز:** DOEPhotosQueens@acs.nyc.gov

**اسٹیٹن آئلینڈ:** DOEPhotosStatenIsland@acs.nyc.gov

d. تصاویر کو سنبھال کر رکھنا اور محفوظ کیا جانا

i. اس نامزد رابطہ کار کو چاہئیے کہ ان تصاویر کی ایک نقل پرنٹ کرے۔ اس تصویر کو LDSS-2221A تحریری اطلاع نامے کے ساتھ ایک ایسی جگہ محفوظ رکھے جہاں صرف پرنسپل / نامزد کردہ کو ہی رسائی حاصل ہو، جیسے کے جُز I.A.6 میں طے کیا گیا ہے۔ یہ اطلاع نامہ اور تصویر خُفیہ دستاویزات ہیں اور اس اطلاع نامہ کے موضوع، والدین، یا خاندان کے سامنے افشا نہیں کیے جا سکتے اور صرف سماجی خدمات قوانین کے تحت ایسی معلومات موصول کرنے کے مجاز افراد کو ہی افشا کیے جا سکتے ہیں جیسے کہ جُز I.A.9 میں دیا گیا ہے۔

ii. ACS کو تصویر ارسال کرنے اور اس تصویر کی ایک نقل بنا لینے کے بعد، اس نامزد رابطہ کار پر لازم ہے کہ ACS کی جانب سے ای میل کی ایک تصدیقی رسید کو محفوظ کر لے۔ شہر کے جاری کردہ آلے سے اس تصویر کو مٹا (ڈیلیٹ) دے، اور اس ای میل اور منسلکہ تصویر کو جو ACS کو ارسال کی گئی تھی مٹا دے۔

e. اگر SCR بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا بُرے برتاو کے اطلاع نامے کو مسترد کر دے تو لیے جانے والے طریقئہ ہائے کار حسب ذیل ہیں

i. اگر SCR بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا بُرے برتاو کے اطلاع نامے کو مسترد کر دے، اس مجاز اطلاع کار کو چاہئیے کہ جُز I.C.1 میں دیے گئے طریقئہ ہائے کار کی لازماً پیروی کرے۔

ii. اس پرنسپل / نامزد کردہ کو چاہئیے کہ اس نامزد رابطہ کار کو لازماً اطلاع کریں کہ اس اطلاع نامہ کو مسترد کر دیا ہے۔ یہ نامزد رابطہ کار اسے یقینی بنائے گا کہ ILOG میں SCR کے اس اطلاع نامے کو مسترد کرنے کی نشاندہی کے اندراج کی اس حقیقت کی عکاسی کے لیے تجدید کی جائے کہ ایک تصویر لی گئی تھی اور فوراً ہی شہر کے جاری کردہ آلے سے ان تصاویر کو مٹا دے۔ ایسی تصاویر کی نقلیں نہیں بنائی جائینگی اور نہ ہی انہیں محفوظ رکھا جائیگا۔

11. محکمئہ تعلیم پر لازم ہے کہ جب کبھی انکے پاس کسی عملے کے رکن کی جانب سے کسی بھی عمر کے افراد کے ساتھ ایک رہائشی مقام پر بدسلوکی یا بُرے برتاو پر شبہ کرنے کی مناسب وجہ ہو، ایک اطلاع نامہ SCR کے بجائے نیویارک ریاست کے انصاف مرکز برائے کمزور افراد کا مرکزی رجسٹر (VCPR) کو 855-373-2122 پر ارسال کر دے۔

### B. کسی بچے کے لیے فوری خطرے والے کیسوں کے لیے طریقئہ ہائے کار

1. اگر کسی بھی وقت یہ سمجھنے کی وجہ ہو کہ کسی بچے کی صحت یا حفاظت کو ایک فوری خطرے کا سامنا ہے یا کسی بچے کو فوری طبی توجہ درکار ہے 911 پر لازماً کال کرنا چاہئیے۔

2. اگر کسی CPS کارکن نے شیڈیول اسکول دن کے اختتام تک رابطہ نہیں کیا ہے جس میں بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا بُرا برتاو کے بارے میں ایک رپورٹ SCR کے لیے بنائی گئی تھی اور یہ سمجھا گیا ہے کہ اگر یہ بچہ گھر واپس گیا تو اسکی زندگی، صحت یا حفاظت کو ناگزیر خطرہ لاحق ہے، پرنسپل / نامزد کردہ پر لازم ہے کہ FSC ڈائریکٹر برائے سماجی خدمات کو مطلع کریں اور پھر پولیس سے ہنگامی معاونت کے لیے 911 پر کال کریں۔

**C. طریقئہ ہائے کار اگر SCR کسی اطلاع نامہ کو مسترد کر دے اور / یا کسی اطلاع نامہ کو پولیس کے حوالے کردے**

1. اگر کوئی SCR آپریٹر کسی اطلاع نامہ کو منظور کرنے سے انکار کر دے، تو فون کرنے والا درخواست کر سکتا ہے کہ SCR کا کوئی نگران اس رپورٹ کا جائزہ لے۔ اگر کسی اطلاع نامہ کو منظور نہیں کیا گیا، مجاز اطلاع کار پر لازم ہے کہ اس SCR آپریٹر اور / یا نگران کا نام حاصل کرے جو ٹیلیفون کال پر موجود تھا، پرنسپل / نامزد کردہ کو اس حقیقت کے بارے میں آگاہ کرے کہ ایک اطلاع نامہ بنایا گیا تھا اور اسے منظور نہیں کیا گیا اور اسے ILOG میں درج کرے۔
2. چند مخصوص حالات میں، SCR ایک نیا قانونی نفاذ کا حوالہ (LER) بنائیگا اور بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاو کے اطلاع نامے پر تفتیش کرنے کے لیے NYPD کا حوالہ دیگا۔ اسکول کے عملے پر لازم ہے کہ پولیس اور ضلعی اٹارنی دفتر کے ساتھ تفتیش کرنے میں تعاون کریں۔
3. ایسی صورت میں اگر NYPD کسی طالب علم سے بچے پر مبینہ زیادتی کے الزام کے بارے میں والدین، سرپرست یا نگران کے خلاف سوالات کرنا چاہے، پرنسپل کو سوالات کرنے کی اجازت دینا لازمی ہے اور والدین سے رابطہ نہیں کرنا چاہیے۔ اگر پولیس کسی طالب علم سے ایک فرد کے خلاف ایک الزام کے سلسلے میں سوالات کرنا چاہتی ہو جو اس گھر میں مسلسل یا باقاعدہ وقفوں سے پایا گیا ہو جہاں بچے کے ساتھ کی گئی مبینہ بدسلوکی یا بُرے برتاو کا شکار طالب علم رہتا ہے، NYPD پرنسپل کے ساتھ مشاورت کے بعد اس کا تعین کریگا کہ آیا والدین سے رابطہ کیے بغیر سوالات کیے جانے چاہئیے یا نہیں اور پرنسپل کو اس کے مطابق عمل درآمد کرنا چاہیئے۔ ہر دو صورتوں میں، پرنسپل یا اور کوئی شخص جس کی موجودگی میں بچہ آرام دہ محسوس کرتا ہو، اسے انٹرویو کے دوران موجود ہونا چاہیے، ماسوا بچہ بصورت دیگر کی درخواست کرے۔
4. ایک بچے کے طالب علم ریکارڈز، صحت اور حفاظتی ہنگامی صورت استثنا کے تحت جاری کیے جاسکتے ہیں جیسا کہ خاندانی تعلیمی حقوق اور رازداری ایکٹ، U.S.C. § 1232g 20، میں دیا گیا ہے، اگر پولیس یا ضلعی اٹارنی اسکول کو اطلاع دیتے ہیں کہ وہ ایک بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاو کے الزام کے بارے میں تفتیش کر رہے ہیں، اسکول کے اہلکار اپنے سینئر فیلڈ کاونسل کو کسی بھی ریکارڈز کو پولیس یا ضلعی اٹارنی کو جاری کرنے سے قبل مشورہ کرنے کے لیے کال کر سکتے ہیں، مگر اس میں بلاوجہ تاخیر نہیں کرنی چاہیئے۔

5. جہاں NYPD چاہے کہ ایک طالب علم سے بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاو کے بجائے بچے کے ساتھ کسی اور جرم کے الزام میں طالب علم کے والدین، یا ایک ایسے شخص کے بارے میں بات کی جائے جو اس بچے کے ساتھ مسلسل یا باقاعدہ طور پر اسی گھرانے میں پایا جائے جہاں یہ طالب علم رہتا ہے، چانسلر کا ضابطہ A-412 (اسکولوں میں تحفظ) میں دیے طریقہ ہائے کار کی پیروی لازماً کی جانی چاہئیے۔ جہاں NYPD ایک بچے کے بارے میں بچے کے ساتھ بدسلوکی کے بجائے اس طالب علم کے ساتھ کیے گئے دیگر جرم کے سلسلے میں تعلیمی ریکارڈز تک رسائی حاصل کرنا چاہے، چانسلر کا ضابطہ A-412 میں دیے گئے طریقہ ہائے کار کی پیروی لازماً کی جانی چاہئیے۔

**D. تعلیمی غفلت کی بنیاد پر بُرے برتاو کے شبہات کی اطلاع دینا**

1. جُز I.A میں دیے گئے طریقہ کار کے مطابق تعلیمی غفلت کا ایک اطلاع نامہ SCR کے پاس لازمی بھیجا جانا چاہئیے جب کبھی ایک طالب علم کی لازمی حاضر رہنے کی عمر میں غیر حاضریوں کی بنیاد پر ایک مجاز اطلاع کار کے پاس شبہ کرنے کی معقول وجہ ہے کہ:
   a. والدین کو ان غیرحاضریوں کے بارے میں پتا ہے یا پتا ہونا چاہئیے؛
   b. والدین بچے کی غیرحاضریوں کے ذمہ دار ہیں یا مسئلہ کے موثر حل نکالنے کے اقدامات لینے میں اور بچے کو اسکول واپس بھیجنے میں ناکام ہو گئے ہیں (جیسے، کم سے کم نگہداشت فراہم کرنے میں ناکام ہونا)؛ اور
   c. **ان غیرحاضریوں کی وجہ سے بچے کی تعلیم متاثر ہو رہی ہے۔**

   **اگرچہ تعلیمی غفلت کے بارے میں اطلاع دینے کے لیے مذکور بالا دی گئی تمام شرائط پوری نہ بھی ہوں، جُز I.A میں دیے گئے طریقئہ کار کے مطابق ایک اطلاع نامہ بناکر لازماً SCR کو بھیجا جانا چاہئیے جب کبھی اسکول کے اہلکار کے پاس بچے کے ساتھ بد سلوکی یا دیگر بُرا برتاو کے بارے میں شبہ کرنے کی معقول وجہ ہو۔**

2. چانسلر کا ضابطہ A-210 (حاضری پروگراموں کے معیارات) وہ مطلوبات طے کرتا ہے جن کے تحت غیر حاضر رہنے والے طلبا کے بارے میں فارم 407 حاضری تفتیش کا کیا جانا لازمی ہے۔ ان تفتیشات میں معیاری اقدامات اٹھانے اور رسائی کے طریقے استعمال کیے جانے کے بعد اعلیٰ درجہ کی نگرانی اور مداخلتی اقدامات لیے جانا درکار ہیں۔ چانسلر کے ضابطے A-210 کے مطابق جب ایک طالب علم 10 دن تک مسلسل غیر حاضر ہو جائے؛ جبکہ ایک طالب علم کی پہلے 407 تفتیش ہوئی ہو، اور ایسا طالب علم مزید 8 دن مسلسل یا کل ملا کر 15 دن غیرحاضر رہا ہو؛ یا پری کنڈرگارٹن سے لے کر گریڈ 8 کا کوئی طالب علم 4 ماہ کے عرصے میں کُل 20 دن غیر حاضر رہا ہو، جب کہ ایک طالب علم چار مہینوں میں کل ملا کر 20 دن غیر حاضر رہا ہو، فارم 407 تفتیش انجام دینا لازمی ہے اور لازماً معلوم کرنا چاہئیے کہ کیا اس طالب علم کی یہ غیرحاضریاں تعلیمی غفلت سے متعلق ہیں یا دیگر طرح کے برے برتاو یا بچے کے ساتھ بدسلوکی اسکا سبب ہے۔ چاہے فارم 407 تفتیش کی گئی ہو یا نہیں، اگر جُز I.D میں دی گئی تعلیمی غفلت کی تمام شرائط پوری ہو رہی ہوں، تعلیمی غفلت کی ایک رپورٹ کا فائل کیا جانا لازم ہے۔

## II. بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا بُرے برتاو کے بارے میں اطفالی تحفظ خدمات (CPS) کی تفتیشات میں تعاون کرنے کے طریقہ ہائے کار

### A. CPS کی تفتیشات

1. مقامی CPS کارکنان بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا بُرے برتاو کی تفتیشات کر سکتے ہیں۔ کسی کیس کے لیے اطفالی تحفظ خدمات (CPS) کا نامزد کردہ کارکن اس مجاز اطلاع کار کا اور اس اسکول میں جس کسی کے پاس اس اطلاع کی بنیاد کے بارے میں براہ راست علم ہو اسکا انٹرویو کریگا۔
2. تمام اسکول کے عملے کی قانونی ذمہ داری ہے کہ وہ بچوں کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا بُرے برتاو کے بارے میں تفتیشات میں تعاون کریں اور اطفالی تحفظ خدمات کے نامزد کردہ کارکن کے ساتھ تعاون کریں، خواہ ان الزامات کی اطلاع اسکول کے عملے نے دی ہو یا نہیں۔
3. وضاحت کرتا ہے کہ ایسی تفتیشات میں، CPS کارکنان کو اسکول کی ملکیت پر، ان بچوں اور انکے بھائی بہن کا انٹرویو لینے اور معائنہ کرنے کی لازماً اجازت ہونی چاہئیےجو اس مشتبہ بد سلوکی یا برے برتاو کا شکار ہوئے ہیں، چاہے بھائی بہن اسی اسکول میں جاتے ہوں یا نہیں جیسا کہ ذیل میں بیان کیا گیا ہے۔
4. جب کوئی CPS کارکن اسکول کی عمارت کے اندر بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا بُرے برتاو کی ایک تفتیش کرے اسکول اہلکاروں پر لازم ہے کہ مندرجہ ذیل طریقئہ کار پر عمل درآمد کریں:
   a. پرنسپل / نامزد کردہ کو لازمی اطلاع دیں۔
   b. جب کبھی ایک CPS کارکن کسی اطلاع نامے کی تفتیش کر رہا ہو اس سے اسکی تصویری آئی ڈی کارڈ طلب کرکے اسناد کی تصدیق کرنا لازمی ہے۔ اسکول کے اہلکار کو CPS کارکن کے تصویری آئی ڈی کی فوٹو کاپی بنانے کی اجازت نہیں ہے۔ جب کبھی ایک CPS کارکن اسکول کے اہلکاروں کے ساتھ فون پر رابطہ کر رہا ہو اسکول کے اہلکاروں پر لازم ہے کہ اس سے اسکے ACS ای میل پتے کے ذریعے ایک ای میل بھیجنے یا ACS کے سرنامے پر ایک فیکس کرنے کا کہیں۔
   c. جب ایک مرتبہ اسناد کی تصدیق ہو جائے، اس CPS کارکن کو خاندانی تعلیمی حقوق اور رازداری قانون، 20 U.S.C. § 1232g کے تحت اس طالب علم کے تمام تعلیمی ریکارڈز تک رسائی فراہم کی جا سکتی ہے جسکا نام اس میں رپورٹ میں درج ہے اور اسکے بھائی بہن کے (ریکارڈز تک) اگر وہ اسی اسکول میں جاتے ہوں، بشمول IEPs اور تشخیصات کے جیسے بھی اطلاق ہو۔ اسکول کسی بھی ایسے ریکارڈز یا انکی نقلوں تک رسائی فراہم کرنے سے قبل اپنے سینئیر فیلڈ مشیر کو مشورے کرنے کے لیے کال کر سکتے ہیں، مگر ایسے ریکارڈز کو جاری کرنے میں غیر ضروری دیر نہیں کرنی چاہئیے۔ یہ اسکول اس اطفالی تحفظ خدمات (CPS) کارکن کو اسکے درخواست کردہ ریکارڈز بذریعہ الیکٹرانک فراہم کریگا (یعنی، ای میل یا فیکس) یا ایسے ریکارڈز کی نقلیں فراہم کریگا۔
   d. ایک مرتبہ جب اسناد کی تصدیق ہو جائے، اس CPS کو ایک تفتیش انجام دینے کی اجازت دینا لازمی ہے۔ اگر CPS کارکن یا بچہ درخواست کرے، اسکول کے عملے کا رکن جسے یہ بچہ جانتا ہوں انٹرویو کے دوران بچے کے ساتھ مشاہدہ کرنے کے لیے موجود رہ سکتا ہے۔ ایسے کسی انٹرویو میں موجود اسکول کا عملہ رازداری برقرار رکھنے کا پابند ہے اور عدالت میں گواہی دینے کے لیے طلب کیا جا سکتا ہے۔

e. جہاں ایک CPS کارکن کسی طالب علم سے بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا بُرے برتاو کے الزام کے بارے میں طالب علم کے والدین کے خلاف سوال کرنا چاہے، اس اسکول کو طالب علم کے والدین سے قطعاً رابطہ نہیں کرنا چاہئیے۔ جب بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا مبینہ زیادتی کا الزام کسی ایسے فرد کے بارے میں ہو جو اس ہی گھرانے میں مسلسل یا باقاعدہ طور پر پایا جائے ہو جہاں یہ بچہ رہتا ہے، تو پرنسپل CPS سے مشاورت کے بعد اس کا فیصلہ کریگا کہ آیا طالب علم کے والدین سے رابطہ کیا جائے یا نہیں۔

f. اگرچہ CPS کے کارکنوں کو کسی بچے کے اوپر کے کپڑوں کو ہٹانے کی اجازت ہے، بشرطیکہ ان کی ماہرانہ رائے میں ایسا کرنا ضروری ہو تاکہ زیادتی یا بُرے برتاو کی نوعیت اور حد کا تعین کیا جا سکے۔ کسی بھی صورت میں کوئی بھی CPS کارکن بچے کے اوپر کے کپڑوں کو نہیں اتار سکتا مگر یہ کہ وہاں کوئی دوسرا CPS کارکن یا کوئی اسکول کا اہلکار یا اسکول نرس موجود ہو۔ اگر جانچنے کے لئے کسی بچے کے اندرونی کپڑوں کو اتارنے کی ضرورت ہو، تو ضروری ہے کہ بچے کو اس قسم کی جانچ کے لئے ہسپتال یا ایسی جانچ کے لیے جُز II.B میں دیے گئے طریقئہ کار کے مطابق بچوں کے وکالتی مرکز میں لے جایا جائے۔

**B. طلبا کا بچوں کے حمایتی مراکز / بچوں کے تحفظاتی مراکز برائے کثیر شعبہ جاتی ٹیم تفتیشات یا دیگر بچوں کی تحفظاتی خدمات کے ذریعے منتقلی میں تبادلہ کرنا**

انفرادی صورت حال پر منحصر، ایک بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاو کے بارے میں ایک مبینہ الزام کی تفتیش کے نتیجے میں بچے کو مناسب عملدرآمد اور / مزید تشخیص کرنے کے لیے اسکول سے ہٹایا جا سکتا ہے۔ یہ اس وقت واقع ہو سکتا ہے جب: (1) ایک (CPC) کارکن ایک طالب علم کو اسکول سے نکالتا ہے اور اس کو تحفظاتی نگرانی میں دے دیتا ہے یا (2) طالب علم کو کثیر شعبہ جاتی ٹیم (MDT) تفتیش کے لیے بچوں کے لیے خوشگوار ماحول میں بچوں کے حمایتی مرکز (CAC) یا بچوں کے کسی تحفظاتی مرکز میں بھیج دیا جاتا ہے۔ درج ذیل میں وہ طریقہ کار دیے گئے ہیں جن پر اسکول کو ایسی صورت حال میں پابندی کرنا لازمی ہے:

1. جب طلبا کو تحفظاتی نگرانی میں لے جایا جائے

مخصوص صورت حال میں، CPS کارکنان / NYPD ایک بچے کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ایک طالب علم کو اسکول سے نکال سکتے ہیں اور اس کو تحفظاتی نگرانی میں رکھ سکتے ہیں۔

2. CACs/CPCs میں طلبا کا منتقل کیا جانا

بچے کے ساتھ جسمانی، جنسی بُرا سلوک اور / یا سنگین بُرے برتاو کے کیسس کے الزامات کے سلسلے میں، کسی طالب علم کو MDT کے ایک رکن کے ذریعے CAC/CPC کے پاس ایک کثیر شعبہ جاتی ٹیم (MDT) تفتیش کرنے کے لیے لے جایا جا سکتا ہے۔ MDT کی تشکیل ACS، اور NYPD اور ضلعی اٹارنیز کے دفاتر کے عملے سے کی جاتی ہے جو ملکر کام کرتے ہیں تاکہ ذیلی مقاصد حاصل کیے جا سکیں:

a. بر وقت، موثر، اور مربوط انداز میں ثبوت اکٹھا کرنے کو یقینی بنانا؛
b. جب بھی ممکن ہو سکے، تفتیشی کاروائی کے دوران بچے کی پریشانی کو کم سے کم کرنے کے لیے ایک جیسے انٹرویوز کی ضرورت کو کم کرکے اور بچوں کے لیے دوستانہ ماحول میں متاثرہ بچوں کا ملکر انٹرویو کیا جانا؛
c. جب بھی ممکن ہو بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاو کے شکار بچوں کو مستند طبی پیشہ وران کے ذریعے بروقت طبی معائنے اور علاج تک رسائی فراہم کرنا؛
d. متاثرہ بچوں کو بحران کی مداخلت کی رسائی، مظلوم کی حمایت اور دماغی صحت کی خدمات اور قانون نہ توڑنے والے نگہداشت فراہم کنندگان فراہم کرنا۔

3. جب CPS کارکنان بچوں کو تحفظاتی نگرانی یا جب MDT کے ایک یا زائد ارکان کسی بچے کو CAC/CPC میں لے جانا چاہتے ہیں تو پرنسپل یا نامزدگان کو ذیل طریقہ کار کی پابندی کرنا لازمی ہے:

a. اسکول پر لازم ہے کہ CPC کارکنان کے عدالتی حکم یا ایک C 701 فارم پیش کرنے پر ACS کی جانب سے ایک تحریری بیانیہ جس میں نشاندہی ہو کہ ہنگامی صورت حال موجود ہے جس کی وجہ سے اس بچے کو فوری خطرہ لاحق ہے) کسی طالب علم کو تحفظاتی نگرانی میں لے جانے کی اجازت دے۔ C-701 فارم پر کیس ورکر یا نگران کے دستخط ہونا لازمی ہے۔ اگر CPS کارکن عدالتی حکم یا فارم C-701 پیش کرنے سے قاصر ہے تو پرنسپل/ نامزد کردہ کو CPS کارکن کے نگران سے یہ تصدیق کرنی چاہیئے کہ CPS نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ بچے کو تحفظاتی نگرانی میں رکھنا ضروری ہے۔
b. اس اسکول پر لازم ہے کہ کثیر شعبہ جاتی ٹیم (MDT) کے رکن کو طالب علم CAC/CPC MDT ریلیز فارم کے پیش کرنے پر ایک CAC/CPC کے پاس لے جانے کی اجازت دے۔ ریلیز فارم پر موزوں MDT رکن کا دستخط کیا جانا لازمی ہے۔ یہ ریلیز فارم یہاں دستیاب ہے: https://infohub.nyced.org/partners-and-providers/health-and-wellness/reporting-child-abuse/
c. اسکول پر لازم ہے کہ اس CPS کارکن یا MDT کے رکن کے اسناد کی تصدیق کرنے کے لیے ان سے اپنی تصویری آئی ڈی کارڈ دکھانے کا کہے۔ البتہ، اسکول کے کسی بھی اہلکار کو CPS کارکن / MDT رکن کی تصویری شناخت کی فوٹو کاپی بنانے کی اجازت نہیں ہے۔
d. جب کبھی کسی طالب علم کو ہٹا کر تحفظاتی نگرانی میں یا کسی CAC/CPC کے پاس لے جایا جائے اس اسکول پر لازم ہے کہ فوراً FSC ڈائریکٹر برائے طالب علم خدمات کو مطلع کرے۔ FSC ڈائریکٹر برائے طالب علم خدمات پر لازم ہے کہ ان منتقلیوں کا ایک ریکارڈ محفوظ رکھے۔
e. اس اسکول پر لازم ہے کہ اس عدالتی حکم نامہ C-701 فارم یا اس CAC/CPC MDT ریلیز فارم کو اس اسکول میں ایک محفوظ جگہ پر رکھے۔

f. جب CAC/CPC انٹرویو کے لیے بچے کو لے جایا جا رہا ہو، اسکول کے عملے کا کوئی رکن اور MDT رکن ساتھ جا سکتا ہے اگر ایسا لگے کہ یہ بچہ MDT کے رکن کے ساتھ جانے میں آرام دہ نہیں ہے یا بچہ یا MDT رکن درخواست کرے۔ البتہ، اصل انٹرویو کے دوران کمرے میں تفتیش کے دوران اسکول کے کسی اہلکار کو موجود رہنے کی اجازت نہیں ہے، نہ ہی ان کو انٹرویو کا مشاہدہ کرنا چاہیئے۔

g. ایسے حالات میں جہاں CPS کارکن یا NYPD نے اس طالب علم کو اسکول سے ہٹا کر اس بچے کو ایک تحفظاتی نگرانی میں رکھا ہے، اس اسکول پر لازم ہے کہ اس بچے کو اسکول سے ہٹانے کے فوراً بعد والدین کو مطلع کرے۔ اگر والدین سے اسکول دن کے اختتام تک ٹیلیفون کے ذریعے رابطہ نہیں ہو پاتا ہے، تو اسکول کے اہلکاروں پر لازم ہے کہ بچے کی رہائشی حدود کی پولیس کو اطلاع دیں تاکہ اگر والدین بچے کی گمشدگی کی رپورٹ کروائیں تو پولیس والدین کو یا نامزد ہنگامی رابطہ فرد کو مطلع کر سکے کہ یہ بچہ کہاں موجود ہے۔

h. جن حالات میں ایک MDT رکن کسی طالب علم کو CAC/CPC لے جاتا ہے، یہ MDT رکن والدین کو مطلع کریگا، اور والدین کو رابطہ معلومات فراہم کریگا۔
والدین کے اسکول سے رابطہ کرنے کی صورت میں، اسکول والدین کو مشورہ دیگا کہ طالب علم کو CAC/CPC لے جایا جا چکا ہے اور والدین کو رابطہ معلومات فراہم کریگا۔

i. DOE کا عملہ مزید تشخیص کرانے کے لیے کسی طالب علم کے نقل و حمل کے ذمہ دار نہیں ہے۔ MDT کارکنان بچے یا بچوں کو CAC/CPC تک لے کر جانے، اور بچے کو اسکول، گھر یا کسی اور مناسب مقام پر واپس لانے کے ذمہ دار ہوں گے۔

j. اسکولوں پر لازم ہے کہ طلبا کے تمام ہٹائے جانے اور تحفظاتی نگرانی میں رکھنے اور / یا MDT تفشیشات کے لیے CACs/CPCs کے پاس لانے لیجانے کو ILOG میں اور DOE کے واقعات کی اطلاع کرنے کے آن لائن نظام (OORS) میں ریکارڈ کرے۔

## III. اطفالی بہبود کے زیرِ نگرانی الیمینٹری اور مڈل اسکول کے طلبا کے غیر حاضری کے خدشات کے وسیع اظہار کی پالیسیاں اور طریقہ ہائے کار [(درجہ بہ درجہ ردِعمل کا طریقہ کار Tiered Response Protocol)]

### A. درجہ بہ درجہ ردِعمل

اطفالی بہبود کے زیرِ نگرانی الیمینٹری اور مڈل اسکول کے طلبا کی غیر حاضری کی ناکافی وضاحت سے نشاندہی ہو سکتی ہے کہ ایسے طالب علم کی حفاظت کو خطرہ ہے۔ اس ضابطے کے مقاصد کے لیے، رضاعی نگہداشت میں DOE کے طلبا اور DOE کے وہ طلبا جن کے والدین یا کوئی فرد جو اس گھرانے میں مسلسل یا باقاعدہ وقفوں کے ساتھ پایا گیا ہو جس میں یہ بچہ رہتا ہے، بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا برے برتاو کی ایک رپورٹ کے نتیجے میں جسے DOE اہلکار نے SCR کے لیے بنایا تھا یا ACS کے ذریعے زیرِ تفتیش ہیں یا حال ہی میں تھے انکا حوالہ بطور اطفالی بہبود کے زیرِ نگرانی طلبا دیا جاتا ہے جیسا جُز III.B میں قائم کیا گیا ہے۔

1. اسکولوں پر لازم ہے کہ اطفالی بہبود کے زیرِ نگرانی طلبا کی حاضری پر گہری نظر رکھیں۔ چانسلر کے ضابطے A-210 کے مطابق حاضری سے متعلق مطلوبات کے نفاذ کے علاوہ، اطفالی بہبود کے زیرِ نگرانی طلبا کی حاضری کا جائزہ لینے کے دوران، اسکولوں پر والدین تک رسائی حاصل کرنے کے ما بعد اقدامات لینا لازمی ہے، ACS اور OORS کو خدشات سے آگاہ کریں جیسے کے یہ ضابطہ تقاضہ کرتا ہے۔
2. ایک مناسب طور پر وضاحت کردہ غیر حاضری، جیسے کہ یہ اصطلاح اس ضابطے میں استعمال ہوئی ہے، غیر حاضری کے لیے ایک وضاحت ہے جسے پرنسپل رسائی کرنے والے اپنے عملے کی مشاورت سے یہ فیصلہ کرتا ہے کہ یہ وضاحت کافی ہے، کیونکہ اس میں : a) اس سے اسکول کے پرنسپل / نامزد کردہ کے لیے غیر حاضری کے بارے میں فراہم کردہ وجوہات پر سوالات کرنے کا سبب نہیں بنتا؛ اور b) اس بچے کی بہبود کے بارے میں خدشات نہیں ابھرتے۔ ضروری نہیں ہے کہ غیر حاضری کی ایک معقول وضاحت اس اسکول کی معافی شدہ غیر حاضری کی پالیسی سے مطابقت رکھتی ہو۔

**B. اطفالی بہبود کے زیرِ نگرانی طلبا کا شناخت کیا جانا**

اسکولوں پر لازم ہے کہ جن طلبا پر درجہ به درجه ردِعمل (Tiered Response) کا اطلاق ہوتا ہے انکی شناخت کرنے کے لیے ذیلی اقدامات اٹھائے۔

1. ACS اور DOE کے درمیان اعداد و شمار کی مماثلت کو استعمال کرتے ہوئے، DOE ہر مہینےاطفالی بہبود کے زیرِ نگرانی بچوں کی ایک فہرست جاری کریگا اور ایک محفوظ جگہ پر رکھے گا۔ FSC ڈائریکٹر برائے طالب علم خدمات اسے یقینی بنانے کا ذمہ دار ہے کہ اسکولوں میں اطفالی بہبود کے زیرِ نگرانی بچوں کی فہرستیں اسکول موصول کریں اور جائزہ لیں۔ اسکولوں پر لازم ہے کہ جب ان کے پاس مزید معلومات آ جائیں ان فہرستوں کی تجدید کریں۔
2. اطفالی بہبود کے زیرِ نگرانی طلبا اس ضابطے کے مقاصد کے درجہ، I،II ، یا III کے تحت آتے ہیں جیسے کہ ذیل میں واضح کیا گیا ہے۔
   a. درجہ I
   درجہ I میں وہ طلبا شامل ہیں جنکے لیے تمام ذیلی شرائط موجود ہیں:
      i. یہ بچہ الیمینٹری یا مڈل اسکول میں ہے (پری کنڈرگارٹن سے لیکر گریڈ 8 تک)؛ اور
      ii. اس بچے کا نام ایک SCR اطلاع میں ہے جو کہ آجکل ACS کے زیر تفتیش ہے، یا اس بچے کا خاندان عدالتی حکم سے زیر نگرانی ہے۔
   b. درجہ II
   درجہ II میں وہ طلبا شامل ہیں جنکے لیے تمام ذیلی شرائط موجود ہیں:
      i. یہ بچہ الیمینٹری یا مڈل اسکول میں ہے (پری کنڈرگارٹن سے لیکر گریڈ 8 تک)؛ اور
      ii. اس بچے کا نام ایک SCR اطلاع میں تھا جسکی موجودہ یا پچھلے تعلیمی سال کے دوران ACS کی تفتیش کے بعد توثیق کی گئی تھی،
   c. درجہ III
   درجہ III میں وہ طلبا شامل ہیں جنکے لیے تمام ذیلی شرائط موجود ہیں:

i. یہ بچہ الیمینٹری یا مڈل اسکول میں ہے (پری کنڈرگارٹن سے لیکر گریڈ 8 تک)؛ اور
ii. یہ بچہ آجکل رضاعی نگہداشت میں ہے (بشمول عارضی اخراج)

**C. جائزہ اور تشخیص**

اسکولوں پر لازم ہے کہ اطفالی بہبود کے زیرِ نگرانی طلبا کی حاضریوں پر نظر رکھنے کے لیے ذیلی اقدامات کریں:

1. پرنسپل / نامزد کردہ پر لازم ہے کہ اطفالی بہبود کے زیرِ نگرانی طلبا کے لیے روزآنہ انفرادی طور پر ایک اسکول کے عملے کے فرد کو حاضری کی نگرانی کرنے پر مقرر کرے، جو روزآنہ غیر حاضری پر انفرادی کال کرے اور اسے اس طالب علم کے حاضری اور تعلیمی پس منظر کے بارے میں آگہی ہو۔ اس فرد پر یہ بھی لازم ہے کہ کلاس روم استاد سے اور اسکول کے دفتر صحت سے باقاعدہ معلومات کرتا رہے اور ان طلبا کی اسکول میں پیشرفت یا کوئی اٹھنے والے مسائل کی ILOG میں تجدید کرتا رہے۔
2. پرنسپل / نامزد کردہ پر لازم ہے کہ یقینی بنائیں کہ اسکول کا عملہ جو ان طلبا کی حاضری کی نگرانی اور غیرحاضری کے بارے میں خاندانوں سے رابطے کا ذمہ دار ہے اسے اطفالی بہبود کے زیرِ نگرانی طلبا کی اسکول فہرست تک رسائی حاصل ہے ، اور آٹومیٹ دی اسکولز (ATS) میں دیے گئے متعلقہ اشاریوں کے بارے میں آگہی ہے اور استعمال کرتے ہیں تاکہ پری کنڈرگارٹن سے لیکر گریڈ 8 کے اطفالی بہبود کے زیرِ نگرانی طلبا کی نشاندہی کر سکے اور اس ضابطے کے طریق کار کے بارے میں جانتا ہو۔
3. پرنسپل / نامزد کردہ پر لازم ہے کہ یقینی بنائیں کہ اسکول کا یہ نامزد، حاضری رابطہ کار، اور / یا اسکول کا عملہ جو ان طلبا کی حاضری کی نگرانی کے ذمہ دار ہیں انکے پاس ان معلومات تک رسائی ہو جن سے روزآنہ کی حاضری کی حیثیت کی عکاسی ہوتی ہے۔
4. اطفالی بہبود کے زیرِ نگرانی بچے کے ہر غیر حاضر دن پر، اسکول کا نامزد عملہ اسی روز لازماً رابطہ کریگا اور اس رابطے کے نتائج کے بارے میں پرنسپل / نامزد کو آگاہ کریگا۔ اگر والدین سے رابطہ ہوگیا اور والدین کی جانب سے ایک وجہ فراہم کر دی گئی، پرنسل / نامزد اس مقرر کردہ اسکول کے عملے کے فرد کے ساتھ مشاورت میں تعین کریگا کہ کیا والدین کی فراہم کردہ وجہ کافی ہے۔
5. مقرر کردہ عملے کا فرد غیر حاضری کے ہر دن کو ILOG میں لازماً درج کریگا: a) اگر والدین سے رابطہ ہو گیا، والدین کی غیر حاضری کے بارے میں فراہم کردہ وجہ اور پرنسپل کا اس وضاحت کے کافی ہونے کا فیصلہ درج کریگا؛ یا b) اگر والدین سے رابطہ نہیں ہو سکا، رابطہ کرنے کی کوشش اور رابطہ کرنے کے قابل نہ ہونے بارے میں معلومات درج کریگا۔ غیر حاضریوں کو ACS کے پاس ان حالات کے تحت لازماً پہنچایا جائے جیسا کہ ذیل میں جُز III.D میں بیان کیا گیا ہے۔

6. ہفتہ وار بنیاد پر، پرنسپل / نامزد کردہ پر لازم ہے کہ اطفالی بہبود کے زیرِ نگرانی طلبا کے بارے میں غیر حاضریوں اور تاخیری کی کل تعداد YTD (سال سے آج کے دن تک) کی شرح پر نظر رکھیں، چاہے باقاعدہ اسکول ٹیم کے اجلاس میں، پرنسپل کی کابینہ کے اجلاس میں یا دیگر اشکال میں جیسے اس اسکول نے ہفتہ وار YTD حاضری کی اطلاع دینے کا طریقہ ترتیب دیا ہے۔

**D. ACS یا ACS ادارے کے شراکت دار کو خدشات کے بارے میں لازمی آگاہ کرنا**

1. درجہ I کے کسی طالب علم کی غیر حاضری کے پہلے دن، اگر رابطہ کرنے کے دوران، اس پرنسپل / نامزد کردہ حاضری کا رابطہ کار: a) والدین سے رابطہ کرنے کے قابل نہیں ہو سکا؛ b) والدین سے رابطہ ہوا لیکن والدین کی جانب سے غیر حاضری کی وضاحت ناکافی تھی جیسا کہ پرنسپل نے رابطہ کرنے والے عملے کے رکن کے ساتھ مشاورت کر کے فیصلہ کیا ہے؛ یا c) والدین سے رابطہ ہوا اور والدین نے اس غیر حاضری کی کوئی وجہ فراہم نہیں کی (والدین نے فون رکھ دیا یا اسکول کے سولات کا جواب دینے سے انکار کر دیا) حاضری رابطہ کار / پرنسپل کا نامزد کردہ پر لازم ہے کہ:
   a. فوراً ACS یا ACS ادارے کے شراکت دار سے رابطہ کر کے اس طالب علم کی غیرحاضری اور رابطہ کرنے کی کوشش کے نتائج کے بارے میں اطلاع کرے؛ اور
   b. ILOG میں اسکول کی رابطہ معلومات ریکارڈ کرے۔
2. درجہ II اور درجہ III کے طلبا کے لیے، مسلسل تیسرے دن کی غیر حاضری پر اگر والدین سے رابطہ نہیں ہو سکا اور / یا کوئی وجہ نہیں بتائی گئی یا غیر حاضری کی کوئی معقول وضاحت فراہم نہیں کی گئی، جیسا کہ پرنسپل نے رابطہ کرنے والے عملے کے رکن کے ساتھ مشاورت کر کے فیصلہ کیا ہے، اس مقرر کردہ اسکول کے عملے کے فرد پر لازم ہے کہ:
   a. فوراً ACS دفتر برائے تعلیمی معاونت و پالیسی منصوبہ بندی سے 212-453-9918 پر رابطہ کرے یا Education.unit@acs.nyc.gov یا موزوں عارضی نگہداشت فراہم کنندہ ادارے سے رابطہ کرے، جیسے بھی اطلاق ہو، اس طالب علم کی غیر حاضریوں اور رابطے کے نتائج کی اطلاع دے؛ اور
   b. اس اسکول کے ACS دفتر کے قابل اطلاق شراکت دار سے رابطوں کو ILOG میں ریکارڈ کرے۔

**E. SCR کو خدشات سے آگاہ کرنا**

اگر کسی وقت عملے کے کسی فرد کے پاس خدشہ ظاہر کرنے کی معقول وجہ ہے کہ اس بچے کو بدسلوکی یا برے سلوک کا نشانہ بنایا گیا ہے، عملے کے اس رکن پر لازم ہے کہ: a) فوراً اس خدشہ کے بارے میں SCR کو جُز I.A کے تحت اطلاع دے؛ اور b) یقینی بنائے کہ موزوں ACS دفتر یا عارضی نگہداشت فراہم کنندہ ادارہ، جیسے بھی قابل اطلاق ہو، سے فوراً رابطہ کیا جائے۔ اگر کسی بھی وقت عملے کے رکن کے پاس یہ سمجھنے کی وجہ ہو کہ کسی بچے کی صحت یا حفاظت کو ایک ناگزیر خطرے کا اندیشہ ہے یا کسی بچے کو فوری طبی توجہ درکار ہے عملے کے اس رکن کو 911 پر لازماً کال کرنی چاہئیے۔

**IV. مجاز اطلاع کاروں کے بارے میں قانونی امور**

**A. قانونی ذمہ داری سے استثناء**

سماجی خدمات قانون § 419 کے مطابق، اسکول کا کوئی ملازم جو نیک نیتی کے ساتھ ایک اطلاع نامہ بنانے، تصاویر لینے، یا کسی بچے کے ہٹانے یا رکھنے میں شریک ہو یا بچے کے تحفظاتی خدمات کی معلومات کو سماجی خدمات کے قانون کی دیگر شرائط کے تحت افشا کر رہا ہو، اسے کسی قسم کی قانونی ذمہ داری، دیوانی یا فوجداری سے استثناء حاصل ہوگا، جو بصورت دیگر ایسے عمل کے نتیجے میں ہو سکتا ہے۔ اطلاع کاروں کی نیک نیتی کو فرض کر لیا جاتا ہے، بشرطیکہ ایسے افراد اپنی ذمہ داریوں کی ادائیگی پر عمل پیرا ہوں، اپنے ملازمت کے دائرے کار میں رہتے ہوئے، اور ایک اطلاع نامے کے بنانے، تصاویر لینے، یا بچے کو ہٹانے یا اپنے پاس رکھنے یا بچے کے تحفظاتی معلومات کو سماجی خدمات کے قانون کے مطابق افشا کرنے میں دیدہ دانستہ

طور پر بڑی غفلت کا مرتکب نہ ہوا ہو۔ جانتے بوجھتے ہوئے ایک غلط بنائی گئی رپورٹ اس اطلاع کار کے لیے فوجداری اور دیوانی ذمہ داریوں کا موجب بن سکتی ہیں۔

**B. رپورٹ نہ کرنے پر قانونی ذمہ داری اور جرمانے**

دیدہ دانستہ اور / یا جانتے بوجھتے ہوئے بچے کے ساتھ بد سلوکی یا برے برتاو کے خلاف اطلاع دینے میں ناکامی کا نتیجہ مجرمانہ عمل یا دیوانی ذمہ داری ہو سکتا ہے، اگر آجر کے پاس اس پر شبہ کرنے کی معقول وجہ موجود ہو۔ اس کے علاوہ اس ملازم کے خلاف محکمۂ تعلیم کی جانب سے تادیبی کاروائی بھی کی جا سکتی ہے۔

**C. انتقامی کارروائی کی ممانعت**

اسکول اور / یا DOE کے دیگر اہلکار کسی ملازم کے خلاف اس ضابطے کی پیروی کرتے ہوئے اقدامات کرنے پر کسی قسم کی ذاتی انتقامی کاروائی نہیں کر سکتے۔

**D. اسکول کے عملے پر عدالتی حکم (Subpoena) کی خدمت**

اسکول کے عملے پر لازم ہے کہ تمام قانونی طور پر جاری کردہ عدالتی احکامات پر عمل کریں۔ اگر کسی موقع پر عملے کے رکن کو عدالت میں حاضر ہونے یا بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاو کے کیس میں دستاویزات فراہم کرنے کے لئے عدالتی حکم ملتا ہے، اس پر لازم ہے کہ وہ فوری طور پر مزید معلومات اور معاونت کے لیے فیلڈ سپورٹ سینٹر ( FSC) کے نائب ڈائریکٹر برائے طالب علم اور دفتر برائے قانونی خدمات سے ا6888-374-212 پر رابطہ کرے۔

اگر عدالتی حکم کسی حکومتی ادارے کی طرف سے آیا ہوا ہو، تو عملے کے اس رکن کو چاہئِیے کہ وہ عدالتی حکم پر درج وکیل سے رابطہ کرے اور درخواست کرے کہ اس کو عدالت میں حاضر ہونے کے بارے میں ٹیلیفون سے خبردار رہے۔ ٹیلیفون کے ذریعے انتباہ کیے جانے سے عملے کے رکن کو عدالت میں اسکی ذاتی حاضری مطلوب ہونے تک اسکول میں رہنے کا موقع مل جاتا ہے۔ تجویز کی جاتی ہے کہ عملے کے ارکان کو معلوم ہونا چاہئیے کہ سماعت کے دوران کس چیز کی توقع کرنے چاہئیے اس بارے میں، عدالت میں حاضر ہونے سے پہلے سرکاری وکیل کے ساتھ بات کریں۔ عملے کا رکن یہ درخواست بھی کر سکتا ہے کہ وکیل ان کی شہادت سے قبل عدالت کے کسی علیحدہ کمرہ میں انتظار کرنے کا بندوبست کرے۔

**E. ملازم کا قانونی نمائندگی کرنے کی ایک درخواست دینے کا استحقاق**

ایک ملازم کے پاس یہ درخواست دینے کا استحقاق ہے کہ شہر (سٹی) اس ضابطے کی پیروی میں لیے جانے والے اقدامات کے سلسلے میں اسکے خلاف کسی دیوانی کارروائی میں اسکا دفاع کرے۔

عام بلدیاتی قانون § k-50 کے مطابق، ایک ملازم کو عام طور پر قانونی نمائندگی اور ضمانت کی اہلیت حاصل ہے اگر، اس متعلقہ وقت میں، یہ ملازم اپنے عوامی ملازمت کے دائرہ کار میں رہتے ہوئے عمل کر رہا تھا اور

اپنے فرائض انجام دے رہا تھا، اور محکمئہ تعلیم کے کسی قائدے یا ضابطے کی خلاف ورزی نہیں کر رہا تھا۔ عام بلدیاتی کے قانون § k-50 کے مطابق، قانونی نمائندگی اور ضمانت ان نیک نیت اطلاع کاروں کو فراہم کی جائے گی جن کے خلاف بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا بُرے سلوک کی اطلاع دینے پر مقدمہ دائر کیا گیا ہو۔

توجہ: مجاز اطلاع کاران کسی رپورٹ کے بارے میں سوالات اور خدشات کے سلسلے میں ACS دفتر برائے جفاظت سے
718-543-7233 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

**V.** بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے سلوک کی انسدادی اور مداخلتی ٹیمز اور فیلڈ معاونتی مراکز کی ذمہ داریاں

**A. اسکول کے بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے سلوک کی انسدادی اور مداخلتی ٹیمیں**

1. ہر اسکول کے پرنسپل پر لازم ہے کہ اسکول میں بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے سلوک کی انسدادی اور مداخلتی ٹیم قائم کرے۔ پرنسپل اور نامزد کردہ کے علاوہ، اس اسکول ٹیم میں شامل ہونے چاہئیں، مگر انہی تک محدود نہیں: ایک منتظم؛ رہنما مشیر؛ UFT کا نمائندہ؛ والدین کا نمائندہ؛ طلبا کی خدمات عملے کے دیگر نمائندہ (نمائدگان)؛ اور اسکول قیادتی ٹیم کے ایک نماِئندے پر مشتمل ہونا چاہئیے۔
2. ہر پرنسپل کو چاہئیے کہ اسکول میں بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے سلوک کی انسدادی اور مداخلتی ٹیم میں سے عملے کے ایک ملازم کو FSC ڈائریکٹر برائے طالب علم خدمات کے بطور رابطہ کار کام کرنے پر مامور کرے (جسکا حوالہ بطور نامزد رابطہ کار دیا گیا ہے)۔ یہ نامزد کردہ رابطہ کار اداروں کے مابین رابطے کرنے اور اسکول، CPS اور عارضی نگہداشت اداروں کے مابین معلومات کے تبادلے کو سہل بنا نے میں مدد کریگا۔
3. اسکول کی بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو کی انسدادی اور مداخلتی ٹیم ان امور کو انجام دیں گی:
   a. سالانہ بنیاد پر، بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو کے انسداد اور مداخلت کی منصوبہ بندی کریگی اسے نافذ کریگی اور اسکی تجدید کریگی، جو کہ اس اسکول کے سالانہ "جامع اسکول اور نوجوانان فروغ کے منصوبے" کا حصہ ہے جسے ہر تعلیمی سال کے 31 اکتوبر تک جمع کرانا لازمی ہے۔ بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو کے انسداد اور مداخلتی منصوبے میں عملے کی تربیت اور بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو کے انسداد کے بارے میں والدین اور طلبا کے لیے تعلیمی پروگرامز کو لازماً شامل ہونے چاہئیے۔ (تربیت اور والدین اور طلبا کی تعلیم کے بارے میں مزید معلومات کے لیےجز VI ملاحظہ کریں)۔
   b. بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو کے انسداد اور مداخلت کے بارے اسکول کے عملے کو FSC کے اشتراک سے تربیت، وسائل اور صلاح کاری فراہم کرنا۔ ٹیمیں، پرنسپل کی صوابدید پر، عملے کی کانفرنسوں اور تیاری کے وقت کو، معاہداتی شرائط کے مطابق، ایسے وسائل اور صلاح کاری کو تیار کرنے اور ایسی تربیت فراہم کرنے کے لیے استعمال کرسکتی ہیں۔

c. مقامی سماجی خدمت کے اداروں کو عملے، طلبا اور والدین کی بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو کے انسداد کے سلسلے میں خدمات / تربیت فراہم کرنے کے لئے استعمال میں لائیں۔ ACS دفتر برائے تعلیمی معاونت و پالیسی منصوبہ بندی اسکول میں ACS عملے کی تربیتوں کا اہتمام کرنے میں رابطہ کاری کرنے کے لیے دستیاب ہے۔ تربیت کی درخواستوں کو یہاں بھیجا جا سکتا ہے Education.unit@acs.nyc.gov یا 212-453-9918 پر بذریعئہ فون کیا جا سکتا ہے۔

**B. فیلڈ معاونتی مراکز (سپورٹ سینٹرز)**

1. FSC ڈائریکٹر برائے طالب علم خدمات بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو کے معاملات میں اسکولوں کو معاونت فراہم کرنے کا ذمہ دار ہے۔ خاص طور پر، FSC ڈائریکٹر برائے طالب علم خدمات ذمہ دار ہے: ہر اسکول کے بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو کے انسداد اور مداخلت کے منصوبے کا جائزہ لینے، جانچ کرنے اور منظور کرنے کی؛ b) محکمئہ تعلیم شہرگیر رابطہ کار برائے بچے کے ساتھ بدسلوکی اور غفلت کی روک تھام، SCR، مقامی CPS اور دیگر خدمات فراہم کنندگان کے مابین بطور رابطہ کار خدمت انجام دینا؛ c) مقامی CPS، برادری کے اداروں اور دیگر خدمات فراہم کنندگان کے درمیان ایک باعمل تعلق تشکیل دینا تاکہ اسکول عملہ، والدین اور طلبا کے مابین رابطہ اور خدمات میں بہتری لائی جا سکے؛ d) پرنسپل کی جانب سے SCR کو بھیجے جانے والے تمام کیسوں کی تحریری اطلاعات موصول کرنا اور مقامی CPS سے قریبی رابطہ برقرار رکھنا؛ اور e) اسکول کے منتظمین، نامزد رابطہ کاران، اور اسکول کی بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو کے انسداد اور مداخلت کی ٹیموں کو مسلسل معاونت اور تربیت فراہم کرنا جیسے کہ جُز VI میں دیا گیا ہے۔
2. FSC ڈائریکٹر برائے طالب علم خدمات اسکا بھی ذمہ دار ہے کہ تمام اسکول اپنے اسکول کے طلبا کی فہرستیں موصول کریں جن میں اطفالی بہبود کے زیرِ نگرانی طلبا شامل ہیں اور جُز III.B کے مطابق مناسب اقدامات کریں۔

**VI.** اسکول کے عملہ کے ارکان کی تربیت اور والدین اور طالب علم کی تعلیم

**A. عملے کی تربیت**

1. ایک سالانہ بنیاد پر، تمام نامزد رابطہ کاران کو لازماً نامزد رابطہ کاری کی تربیت ملنی چاہئیے جو مشتبہ بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو اور محکمئہ تعلیم کی رپوررٹ کرنے کے دستوری عمل کی شناخت کرنے سے متعلق ہے۔
2. تمام اسکولوں کو لازماً ایسی تربیت فراہم کرنی چاہیے جس سے وہ اس قابل ہو سکیں گے کہ اس ضابطے کے تحت اطلاع دینے اور دیگر ذمہ داریاں پوری کر سکیں۔ ایسی تربیت ہر سال کی 31 اکتوبر تک منعقد ہو جانا چاہئیے اور اس میں لازماً شامل ہونا چاہئیے:
   a. بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو کی علامات
   b. اس ضابطے کے تقاضوں میں شامل ہے کہ کسی بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاو کی کسی رپورٹ کو کب لازماً بنانا چاہئیے اور کس طرح مقامی CPS تفتیشات میں تعاون کرنا چاہئیے؛
   c. بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاو کے واقعات کی اطلاع دینے سے پہلے، دوران اور اس کے بعد طلبا اور والدین کے ساتھ کام کرنے اور انتظام کرنے کی تکنیکیں؛ اور
   d. بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو کی اطلاع دینے سے متعلق قانونی پہلو اور نتائج، بشمول مگر اسی تک محدود نہیں رازداری کے تقاضے اور ایک اطلاع دینے میں ناکامی کے نتائج۔

3. نامزد رابطہ کاران اور اسکول نرسوں کو بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی اور بُرے برتاو کی اطلاعات سے متعلق چوٹ کے ظاہری نشانات کی تصاویر لینے کی تربیت فراہم کی جانی چاہیئے۔ اگر اس اسکول کی عمارت میں ایک نرس کی نامزدگی نہیں ہوئی ہے، پرنسپل کی جانب سے عملے کا متبادل رکن جسکی تصاویر لینے کے لیے نشاندہی کی گئی ہے اور کوئی اضافی عملہ جو اس مقصد کے لیے نامزد کیا گیا ہے جیسے کہ جُزA .I. میں دیا گیا ہے، انکو ایسی تربیت کا فراہم کیا جانا لازمی ہے۔

**B. والدین کی شرکت**

1. تمام اسکولوں پر لازم ہے کہ والدین کے لیے بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو پر تعلیمی پروگرام بنائیں اور انہیں فراہم کریں۔ ایسے پروگراموں میں بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو سے متعلق قانون بیان کیا جانا چاہئیے، بشمول بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو کے انسداد اور مداخلت میں اسکول کا کردار اور بدسلوکی اور بُرے برتاو کے مشتبہ کیسوں کے بارے میں اطلاع دینے کی ذمہ داری۔ اسے پروگراموں میں اسکول - والدین کے معاونتی گروپ کا قائم کیا جانا اور والدین کی صلاحیتوں کو فروغ دینے کی سرگرمیاں شامل ہو سکتی ہیں۔
2. والدین کی تعلیمی سرگرمیاں مثبت انداز میں پیش کی جانی چاہئیں اور بنیادی طور پر اس پر زور دینا چاہئیے کہ اس اسکول نے بچوں کو تحفظ دینے اور خاندانوں کی مدد کرنے کے لئے کیا تیاری کی ہے۔ اسکول اور برادری میں موجود وسائل کو والدین اور بچوں کو بلا واسطہ اور بالواسطہ دونوں معاونت کی پیشکش کرنے کے لئے استعمال میں لایا جانا چاہئے۔ مزید معلومات کے لیے، اسکولوں کو تعلیمی غفلت کی اطلاع دہی کے بارے میں DOE-ACS کی مشترکہ پالیسی پر یہاں رجوع کرنا چاہئیے: https://infohub.nyced.org/docs/default-source/default-document-library/jointpolicystatementofreportingandinvestigatingedneglect312010.pdf

**C. طالب علم کی تعلیم**

1. اسکولوں پر لازم ہے کہ تمام طلبا کو ذیلی معلومات فراہم کریں، جنکو موجودہ صحت اور حفاظت کے پروگراموں میں شامل کیا جاسکتا ہے۔
   a. بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو، جنسی بدسلوکی اور حملہ آور ہونے کے بارے عمر کی مناسبت سے طلبا کو معلومات فراہم کرنا اور سرگرمیاں کرنا؛ اور
   b. عمر کی مناسبت سے بچاو کے بارے معلومات اور ذاتی حفاظتی صلاحیتوں کو فروغ دینا۔
2. طلبا کو تعلیم دیتے وقت، اسکول بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو پر مشتمل ایک نصابی بنیادی خاکہ "Seasons of Peace" (امن کے موسم) تک رسائی حاصل سکتے ہیں جسے محکمئہ تعلیم نے تشکیل دیا ہے اور اسے تعاون اور مداخلت کے طلبگار طلبا کی مدد کے لیے بنایا گیا ہے اگر انکے ساتھ یا کسی ایسے کے ساتھ جنہیں وہ جانتے ہوں بدسلوکی یا بُرا برتاو کیا گیا ہے (بشمول بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو، اغواء، گھریلو تشدد اور ڈیٹنگ میں تشدد کی صورتحال)۔ بچے کے ساتھ بدسلوکی اور غفلت کے انسداد کے پروگرام سے رابطہ کرکے Seasons of Peace کی نقلیں حاصل کی جا سکتی ہیں (رابطہ معلومات کے لیے جُزXI ملاحظہ کریں)۔

## VII. محکمئہ تعلیم کے ملازمین کی جانب سے غلط طرزعمل پر اطلاع دینے کی ذمہ داری

محکمۂ تعلیم کے ہر ملازم یا افسر پر لازم ہے کہ وہ فوری طور پر نیو یارک شہر اسکول ضلع کے خاص تفتیشی کمشنر کو محکمئہ تعلیم کے ملازمین یا اسکول کے پروگرام یا خدمات سے وابستہ دیگر افراد کی جانب سے طلبا کے ساتھ غلط طرزعمل سے متعلق فوراً اطلاع دیں، خواہ وہ اسکول کی عمارتوں کے اندر ہوں یا اسکول سے باہر۔ کسی ملازم یا افسر کا جانتے بوجھتے ہوئے مذکورہ بد سلوکی کی اطلاع نہ دینا دفتر سے ہٹا ئے جا نے یا ملازمت سے فارغ کر دینے کی وجہ بن سکتا ہے۔ جاری تفتیشات کے بارے میں معلومات صیغئہ راز میں ہیں۔

خاص کمشنر برائے تفتیش سے یہاں رابطہ کیا جا سکتا ہے:

212-510-1400

80 Maiden Lane - 20th Floor

New York, NY 10038

http://nycsci.org/

## VIII. اطلاعات

A. ہر اسکول پر لازم ہے کہ "چانسلر کا ضابطہ A-750 کے اہم نکات" کی ایک نقل کو نمایاں طور پر لگائیں۔ DOE کی بچے کے ساتھہ بدسلوکی کے انسداد کی ویب سائٹ سے اس کی ایک کاپی حاصل کی جاسکتی ہے: https://infohub.nyced.org/docs/default-source/default-document-library/highlights-of-cr-a-750-(blue-card)-revised-6-17.pdf

B. ہر پرنسپل پر لازم ہے کہ تمام عملے کو، بشمول تدریسی اور غیر تدریسی عملہ چانسلر کا ضابطہ A-750 کے اہم نکات کی ایک نقل فراہم کریں۔

C. چانسلر کے ضابطہ A-750 کی ایک کاپی عملے کے کسی بھی رکن کے درخواست کرنے پر فراہم کیا جانا لازمی ہے۔

D. ہر اسکول انگریزی اور ہسپانوی اور زیر احاطہ زبانوں میں جیسا کہ چانسلر کے ضابطے A-663 میں مطلوب ہے، بچے کے ساتھ بدسلوکی / بُرے برتاو کی OCFS ٹیلیفون ہاٹ لائن نمبر اور ویب سائٹ تک رسائی حاصل کرنےاور اطلاع دینے کی ہدایات حسب ذیل فراہم کریگا:

1. چسپاں کرکے: a) یہ مفت ٹیلیفون نمبر ہے (1-800-342-3720)

بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو کے اطلاع موصول کرنے کے لیے بذریعہ OCFS منظم کیا جاتا ہے؛ اور b)

OCFS کی ویب سائٹ کے انٹر نیٹ پتے تک رسائی کے لیے.http://ocfs.ny.gov/main/cps/

اشاعت کی ایک نقل یہاں سے حاصل کی جا سکتی ہے https://infohub.nyced.org/partners-and-providers/health-and-wellness/reporting-child-abuse/ اسکول کو ایسی معلومات اسکول کی عمارتوں میں انتہائی نمایاں جگہ پر اور اسکول کی ویب سائٹ پر لگایا جانا چاہئی، اگر کوئی ویب سائٹ موجود ہے۔

2. ہر تعلیمی سال میں اسکول کی جانب سے تعین کردہ طریقے کے ذریعے کم از کم ایک مرتبہ والدین کو ایسی معلومات فراہم کرکے، مگر انہی تک محدود نہیں، الیکٹرانک رابطہ کاری یا ایسی معلومات کو طلبا کے ذریعے گھر پر بھیجا جانا؛

3. اسکول میں ہر استاد اور منتظم کو ایسی معلومات کی فراہمی؛ اور

4. ایسی معلومات کو ضلع اور اسکول کی سطح کے تنظیمی دفاتر پر دستیاب کیا جانا۔

**IX. چانسلر کو مطلع کرنا**

بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرا برتاو OORS اطلاع نامہ۔

پرنسپل / نامزد کردہ سے ایک OORS رپورٹ جمع کرانے تقاضه کیا جاتا ہے جب کبھی بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاو کی ایک رپورٹ SCR کو کی گئی ہے، 24 گھنٹے کے اندر جب پرنسپل / نامزد کردہ کو SCR کو رپورٹ کرنے کی اطلاع ملے اور "کال آئی ڈی" نمبر حاصل کیا جائے۔ پرنسپل / نامزد کردہ کو OORS کے اطلاع نامے میں اس "کال آئی ڈی" کو لازماً درج کرنا چاہئیے۔ رپورٹ کے ماخذ کے بارے میں کوئی بھی معلومات درج نہیں کی جاسکتی کیونکه یه معلومات خفیه ہے۔

DOE OORS کی ویب سائٹ پر یہاں رسائی حاصل کی جا سکتی ہے:
https://ats.nycboe.net/safety/portal/. دفتر برائے اسکول اور فروغِ نوجوانان کی معاونت تکنیکی سوالات میں مدد کے لیے ایک ہیلپ ڈیسک فراہم کرتا ہے۔ یه ہیلپ ڈیسک صبح 7:00 بجے - شام 7:00 بجے تک، پیر تا جمعه دستیاب ہے۔ ہیلپ ڈیسک سے رابطه کرنے کے لیے 718-935-5004 پر فون کریں اور OSYD ویب سپورٹ طلب کریں۔

**X. تکنیکی معاونت**

دفتر برائے تحفظ اور نوجوانان فروغ دہی اس ضابطے کے نفاذ میں اور بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو کے انسداد اور مداخلت کا منصوبه تیار کرنے میں معاونت فراہم کرتا ہے اور بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاو کے انسداد پر تمام تربیت اور تعلیمی مواد فراہم کرتا ہے۔ اسکول کے اہلکاروں کے لیے بچے کے ساتھ بدسلوکی کے انسداد کے لیے اضافی مواد اور وسائل ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔ بچے کے ساتھ بدسلوکی - غیر تدریسی معاونت - نیویارک شہر محکمئه تعلیم. تکنیکی معاونت کے لیے شہر گیر رابطه کار برائے بچے کے ساتھ بدسلوکی / غفلت کا انسدادی پروگرام (رابطه معلومات کے لیے جُز XI ملاحظه کریں)۔

**XI. استفسارات**

اس ضابطه سے متعلق استفسارات کو اس پتے پر بھیجنا چاہیے:

Citywide Coordinator

Child Abuse/Neglect Prevention Program

N.Y.C. Department of Education

52 Chambers Street – Room 218

New York, NY 10007

Telephone: 212-374-0805

Fax: 212-374-5751